وضع قوانین اللہ الملک العلی المنان

سفید ہر اردو خوان، نافع ہر پیر و جوان۔ کشاف راز۔ شاطران اعنی

# بازاری زبان
## (و)
# اصطلاحات پیشہ وران

(مؤلفہ)

شاعر بے نظیر شیریں زبان خوش تقریر جناب مولوی محمد منیر صاحب منیر لکھنوی سلمہ اللہ العلی التقوی

باہتمام

نیاز مند حاجی محمد شفیع ابن عالیجناب حاجی محمد سعید صاحب غفرلہ اللہ الواہب

بماہ جنوری سنہ ۱۹۳۰ء


دار الطبع عنایت و قوام اینڈ برادرز طبع اول



نوٹ:۔

حق تالیف بحق مطبع ہذا محفوظ و محدود بسنہ نوی صاحب تصدیق نفرمائیں

www.taemeernews.com



# فہرست مضامین رسالۂ ہذا


| | | | |
|---|---|---|---|
| قسم اول بازاری زبان | ۲ | سونا چاندی جواہرات کی خرید | ۰ |
| خاص غنڈون کی زبان | ۱۶ | فروخت کے متعلق اصطلاحین | ۵۴ |
| قسم دوم محاورات عامیان | ۱۷ | گھوڑے کی خرید و فروخت کے | |
| قسم سوم خاص مصطلحات | ۰ | متعلق دلالون کی اصطلاحین | ۵۵ |
| نشہ بازان و پیشہ وران وغیرہ | ۴۳ | زنانون کی اصطلاحین | ۵۶ |
| افیونیون کی اصطلاحین | ۴۳ | سپاہیون کی // | ۵۷ |
| بزقصابون کی اصطلاحین | ۴۴ | سیف بازون کی // | // |
| ببڑیون کی۔ .... // | ۴۵ | شہدون کی // | ۵۹ |
| پالی کی .... .. // | ۴۸ | فقیرون کی // | ۶۰ |
| پہلوانون کی // | ۴۷ | فیل بانون کی // | ۶۱ |
| جواریون کی // | ۴۹ | قصائیون کی // | ۶۲ |
| چرسیون کی // | ۵۰ | لہارون کی // | ۶۳ |
| دلالون کی // | ۵۳ | موچیون کی // | ۶۴ |
| کپڑا۔ جوتا وغیرہ معمولی سودون | ۰ | | |
| کے متعلق .... اصطلاحین | ۵۳ | | |

www.taemeernews.com



# قسم اول

## عام بازاری زبان

### الف ممدودہ

آدمی ہو کہ پنشاخہ۔ آدمی ہو کہ گھنچکر۔ یعنے بیوقوف ہو۔

آگ آگا بھاری ہی۔ حاملہ ہے

آمد کی آنا۔ چیت بازی کرنا۔

آنکھ بچائی دھی پرائی۔ الخاموشی نیم رضا

آنکھ مچولی دھوپ کھیلنا۔ بازاری لڑکونکا ایک کھیل کہ ایک نے آنکھ بند کی دوسرے نے دھول ماری اور پوچھا کہ کتنے دھول ماری اگر اُس نے بتا دیا تو دھول لگانیوالا چور ٹھہرا۔

آپ ہی باہر ہونا۔ غصہ ہونا۔ خفا ہونا۔

### الف مقصورہ

اَبے۔ کلمۂ ندا ہے بازاری زبان پر۔

اَبیل دَبیل۔ کمزور۔ کنوڑا کسی سے کمزور۔

اپنا سا لیا ہے۔ اپنا کر لیا ہے۔

اپنی ہی نا ندھنا۔ اپنی ہی کہے جانا دوسرے کی نہ سُننا۔

اِتنا۔ اِتنی۔ بجاے اتنا اتنی۔ اور اسقدر کے بولتے ہین۔

اچھے ہو جاؤ گے۔ مطلب یہ کہ کیا مہمل باتین کرتے ہو۔ ثقات کی زبان پر بھی جاری ہے۔

اچھے رہی۔ مرحبا۔ سبحان اللہ۔ واہ واہ۔

اَڈن پَڈن۔ گوز کر کے چپ ہو رہنا بدتمیز آوارہ لڑکون کا محاورہ۔

افراتفری۔ افراط تفریط عربی لفظ کی خرابی کی گئی ہے جسکے معنی ہین زیادتی اور کمی کے۔ محاورہ مین پریشانی۔

اَلّے تلّے کرنا۔ اسراف بیجا کرنا۔

اَلبَت۔ البتہ کا مخفف ہے۔

افسوس دل گڑھے مین۔ مجبوری کے عالم مین عشقبازی یا کوئی اور شوق۔

اِکا دُکا۔ ایک۔ دو۔

www.taemeernews.com



الاطونی ہانکتا ہے - یعنے وہ بات کہتا ہے جو سمجھ اور خیال سے باہر ہے۔
اُلّو مان کا خبطی بچہ - احمق کی اولاد بیوقوف
امام دستہ - ہاون دستہ کی مٹی خراب گئی ہے
انشا غفیل - غافل - بیہوش -
انڈا ڈھیلا ہو گیا - یعنے فکرمند ہے -
انمت - لفظ امانت کی خرابی -
انومان - آن مان - بعینہ -
آوازے توازے کسنا - آوازہ کسنا
اوچاپت سہنا - قرض دینے کا بیوپار کرنا
اُوچھلنا - بنے کی بات سُنکر ناراض ہونا -
اُور مابنانا - خوب زدوکوب کرنا -
اُور بچھو ہو گیا - بھاگ گیا -
اوسر کی دوسر پڑ جانا - ہو جانا - یعنے مصیبت پر مصیبت پیش آنا -
اُوا چھا جی رنگ لائی گلہری یعنے اپنے حوصلہ سے بڑھکر باتیں کرنے لگے
اب تو دور کی سوجھنے لگی -
اوکھے گوکھے - بدتمیز بدسلیقہ آدمی -
اُونکل بید کرنا - دق کرنا ستانا -
اوتا پتھی ہے - بیوقوف آدمی ہے
اُنٹیا - اینٹ کا ٹکڑا -
اونگل دالیا سچ مچ کہلا کیا -

## ب

بائی گچائی نکلجانا - شرارت باقی نہ رہنا
بتی بولجانا - پست ہو جانا - ہار جانا
بخیہ بگڑ گئی - حیثیت مٹ گئی -
بدا ہونا - وداع ہو جانا -
بدھیا بیٹھ گئی - کثیر نقصان ہوا
بوکھل ہے - بیوقوف ہے -
بھشتا - بکسر موحدہ مخلوط الہا - ہفتپانی بیر
بھّکا بفتح موحدہ و فتح کاف عربی مخلوط الہا بوسہ
بھیتر - بکسر موحدہ مخلوط الہا و تحتانی معروف - اندر
بھیڑنا - زبردستی دینا - جیسے کہتے ہیں کہ خراب چیز وہ مجھے بھیڑ گیا نیز دروازہ بند کرنا
بھونرا لا - کالا - سیاہ - مانند بھونرا
بن ناحق - عوام لفظ بن زائد بولتے ہیں
بیٹا گلیخیرو - بضم کاف فارسی - کلمہ تضحیک -
بے دال کا بودم - بیوقوف -
بے ہنگم - بے ہنگام کو اصلاح دیگئی ہے -
بے فضول - کلمہ بے زیادہ ہے -
برگت - لفظ برکت کو بفتحتین و کاف مشدد بولتے ہیں
بے فکرا ہے - بیفکر آدمی -
بیگ دینا - پھینک دینا -
بیگن - خصیہ سے مراد ہوتی ہے -
بے پڑنا - آزمائش کرنا -

www.taemeernews.com



بٹلا۔ چرمی ظروف۔ تیل کا اندازہ کرنے کا
بے ہر آسان۔ کلمہ بے زیادہ ہی
باغچہ۔ بغیچہ کا مخفف ہے
بیانہ۔ لفظ بیعانہ کی مٹی خراب کیگئی ہے
بے تنائی۔ بے اعتنائی کی مٹی خراب کیگئی ہی

## ب

پھنا۔ بالفتح فوقانی مخلوط الہا۔ زد وکوب کرنا
پتی۔ حصہ۔ تقسیم کا کوئی جزو۔
پچاوا۔ پچایا۔ بالفتح۔ پرادہ
پچگڑ۔ بفتح بائے فارسی فتح کاف عربی سرجینگ
پڑائی کھوپڑی۔ مرد کہن سال۔
پرواہ۔ بازاری زبان پر۔ مع ہائے
ہوز جاری ہے۔
پڑوائی۔ پڑا ہوا۔
پروستی۔ پھننے۔ پرورش۔ جاہلون اور
ناخواندون کا محاورہ ہے۔
پڑا مچے اُڑ جانا۔ بفتحین وتخانی۔ ریزہ ریزہ ہونا
پتنج۔ کٹے ہوئے پرکا۔ پر بریدہ۔
پلاؤ کی ڈھکن۔ پلاؤ کی رکابی۔
پلیتہ۔ بفتح وکسر لام و تحتانی معروف۔ فتیلہ
پلنٹیون۔ بالکسر فتح لام و کسر تحتانی ہندی بکثرت
پھر بگڑا جانا۔ زیر بار ہو جانا۔
پنجرا ہو جانا۔ لاغر ہو جانا۔

پنجہ۔ پنجشاخہ جو روشن کیا جاتا ہے۔
پنشاخا۔ پنجشاخہ سے مراد ہے۔
پنشاخا ہاتھ مین رہجانا۔ بیوقوف بننا
کچھ حاصل نہ ہونا۔
پونگڑی پر صدمہ ہونا۔ نہایت تشویش
و تکلیف مین ہونا۔
پونگڑی بالضم مقعد سے مراد ہے۔
پچکلیان۔ اغبار۔
پونگڑی ڈھیلی ہو جانا۔ ہمت پست ہونا
پونگڑی چلنا۔ دست آنا۔
پونگا ہی رہے۔ یعنے احمق ہی رہے۔
پھڑک آباد۔ فرخ آباد کی مٹی خراب کیگئی ہی
پھٹکنا۔ بفتح بائے فارسی مخلوط الہا و فتح تائے ہندی تڑپنا
پھسوڑا۔ پھندا۔ پھنس جانا۔
پھنکنا مانگتے پھرنا۔ کسی ضرورت سے پریشان پھرنا
پھوکٹ بالضم بائے فارسی مخلوط الہا و فتح تائے مفت
پھولکے گیا ہو جانا۔ باغ باغ ہونا اور
پھولکے گرگج ہو جانا۔ بشاش ہونا۔
پیاس کی تشنگی۔ بازاری زبان پر اور
عورتون کی زبان پر بولی ہی جاری ہے
ورنہ ہر جنبہ پیاس یا تشنگی بولنا صحیح ہے۔
پیٹے مین آجانا۔ زیر بار ہونا۔
پیچھا ہو جانا۔ مر جانا۔

www.taemeernews.com



رپنجال کرنا۔ بکسرے فاسی ویائے معروف نقیل کرنا۔
پیل ڈالنا۔ بیائے مجہول ظلم وجور کرنا۔
پیشاب نہ کرنا۔ استغنا کسی چیز سے

## ت

تالاس۔ تلاش۔
تمبّا۔ لفظ تمنّا برعایت ہوئی ہے
بازاری زبان وعورتونکی زبان پر جاری ہے
تخت۔ بازاری زبان پر بفتحتین جاری ہے
تسبی۔ بالفتح تسبیح۔
تغا۔ تمغہ۔
تکیان کرنا۔ خوش طبعی کرنا۔
تلاؤ۔ تالاب
تلتلی چلنا۔ بضم ہر دو فوقانی۔ بہنا
تمباخو۔ بفتح دو معروف۔ تمباکو۔
تناؤ۔ بالفتح۔ طناب۔
تشدد۔ بالفتح دال مہملہ وسکون دو مفتوحہ ومنوّن
توکل۔ بازاری زبان پر کاف مشدد مفتوح جاری ہے صحیح بسم کاف ہے۔
توکد ہونا۔ مجامعت کرنا۔ بازاری اصطلاح مضحکہ کے وقت بولی جاتی ہے۔
تھوڑنا۔ تیرنا۔ کھانا نوش کرنا۔

## ٹ

ٹاپا ٹوپیان۔ اکاد کا تھوڑا سا جا بجا۔
ٹاٹ باہر ہونا۔ برادری سے خارج ہونا
ٹانگ لینا۔ قریب آنیوالے کو للکارنا۔
ٹائیمن ٹائمین رفش۔ شہرت بہت کچھ اصلیت کچھ نہین۔
ٹپا دینا۔ بالکل مخفی کر دینا۔
ٹپکا۔ بدمعاشون کی اصطلاح مین پیتل کا کڑا کسی سڑک پر گرا کر ادھر ادھر موقع کا منتظر رہنا۔ جب کوئی سادہ لوح آدمی سونے کا سمجھ کر اوسے اوٹھالے چلے تو اُس کے پاس مدعیانہ تفتیش کرنا اور آخرکار آدھے کی شرکت پر باہم معاملہ کرلینا اس قسم کی ڈکیتی کو ٹپکا کہتے ہین۔
ٹلیٹل کرنا۔ بکسر ہر دو نائے ہندی۔ بدزبانی کرنا
ٹچکوے کا ڈر۔ آفت ناگہان کا خوف۔
ٹٹی کے اوجھل شکار کھیلنا۔ پوشیدہ عیب کرنا۔ ظاہری ثقہ بننا۔ چھپکر بُری کام کرنا۔
ٹٹرون ٹون۔ مفرد شی پر اطلاق کرتے ہین۔
ٹڈا۔ مرد کوتاہ قامت۔
ٹھگ بدیا۔ جلسازی سے فریب کرکچھ لینا
ٹھانسنا۔ بازاری زبان مین ٹھونسنا کا مترادف دخول کرنا۔
ٹھلوا۔ دل لگی باز۔ بیفکرا۔
ٹھنڈک۔ فرج مادۂ خر۔

www.taemeernews.com



ٹلی للی بھون - بازاری آوارہ لڑکون کا محاورہ کسی برہنہ لڑکے کی نسبت جو لنگوٹی بھی نہ باندھے ہووے۔

ٹپر کانا - دل لگا کر کام نہ کرنا ٹالدینا۔

ٹلنلی چلنا - دست آنا۔

ٹھہار - دل لگی باز اور چالاک۔

ٹھیہا - شست نگاہ۔

ٹھیٹھر - تھیٹر - تماشا گاہ۔

ٹھیک - انگیٹھی۔

ٹھوکنا - زکوب کرنا۔

ٹپ - تشنگی - چیت

ٹمسو - بڈھا آدمی جو رنگین لباس پہنے ہو

ٹیسن - جہلا کی زبان پر اسٹیشن کا مخفف ہے۔

ٹیکنا - کنایہ آلہ تناسل مردان سے مراد ہے

ٹیم - وقت ٹرین - جہلا کی زبان پر

ٹین ہوجانا - بالکسر وتخانی مجہول نون مخفی مرجانا۔

## ج

جان گچا کا - جانی - جانسن

جاستی - زیادت - زیادتی

جانب کار - واقف کار

جان چھلا - معشوقہ - جانی۔

جتا - جسقدر - جتنا۔

جتی - جتنی - جسقدر۔

جنور - جانور - گھوڑے سے خاصکر مراد ہے

جما مہجت - جامع مسجد

جوتنا - دخل در معقولات دینا کسی کو کسی کام مین مصروف کردینا۔

جوتی پیزار - مار پیٹ - لڑائی ہاتھا پائی

جور و کو امان کہنے لگنا - سخت رنج اور مصیبت مین مبتلا ہوجانا۔

جھاپڑ - طمانچہ - تھپڑ۔

جھاڑنا - مارنا۔

جھالا - ٹوکرا۔

جھرانا - جھلانا - ناراض ہونا۔

جھڑنا - نوبت بجنا۔

جھڑوس - بدخو - ناز یبا۔

جھنک کردینا - صاف کردینا۔

جھگاڑ - بہت لڑائی جھگڑا کرنیوالا۔

جھول - اور مجہول جھگڑا یا بیہودہ کی بات

جھونکنا - اور مجہول نون غنہ آوازہ کسنا

جی بجر بجر کرنا - طبیعت کو اکراہ ہونا۔

## چ

چاہ - چاے۔

چاکو - اور معروف - چاقو

www.taemeernews.com



چانٹا۔ طمانچہ۔
چاند۔ نقات۔ چندبا۔ بولتے ہین۔
چاندا و نچی کردینا۔ خوب جوتے مارنا۔
چائین۔ چالاک۔ ہوشیار
چپت۔ سرِ جنگ نقصان مال۔
چپراس۔ اندام نہانی زن۔
چپڑقناتی۔ غیر۔ بیگانہ۔
چت کرنا۔ حاصل کرنا۔
چٹاق سانی۔ بہت جلد
چجابدھو۔ شی کلان ۔ سنگین چیز
چڈا۔ بالفتح دوال ہندی مشدد سخرہ شریر
چرکنا بکسرادل۔ خوش طبعی کرنا۔
چرندم خورندم کرنا۔ کھا پی جانا خورد برد کرنا۔
چڑھ مار گلڑو پکے۔ یعنی بسہولواہ مطلب حاصل ہوا
چسنا۔ شگاف ہونا۔
چغلی۔ پیوند۔
چکلس۔ کسی جگہ آدمیونکا ہجوم وشور وغل
چگنا۔ دل لگنا اور خوش طبعی کرنا۔
چلی کرنا۔ بالکسرکاف فارسی مشدد۔ خوش طبعی کرنا
چمڑے کا جہاز چلنا۔ پیشہ زنا کاری
چنبل۔ بالفتح دون غنہ فتح موحدہ۔ چنبر
چونڑا نہ ہٹانا۔ ہمت واستقلال کو ہاتھ نہ دینا

چونچ۔ کنایہ ہے زبان سے۔
چھاپ بیٹھنا۔ اچک کر دبالینا۔
چھاپا۔ طعن وتشنیع کی بات
چھانٹنا۔ کپڑے بھینچنا۔
چھپارستم۔ آلہ تناسل فیل سے کنایہ ہے
مخفی ہنر رکھنے والا شخص۔
چھٹا۔ چالاک۔ ہشیار
چیر کرا پنٹ رکھدینا۔ بہت ایذا دینا۔
چیز۔ زیور
چھری بند بھائی۔ قصابون سے مراد ہے
چھریدہ۔ جریدہ مجرد۔
چیپڑ۔ آنکھ کی کیچڑ۔
چیشین۔ دل لگیان خوش طبعی کی باتین
چیشٹا بگڑجانا۔ صورت دگرگون ہوجانا
چین جھپ تھیلے کے اندر۔ کسی متکلم کی باتونکو سماعت نہ کرنا اور مضحکہ کرنا
چین جھپ کرنا۔ نزاع لفظی۔ جھوٹ تکرار۔
چین چان۔ لفظ ثانی تابع مہمل ہے مگر بازاری زبان پر جاری ہے۔

## ح

حرام دا ڑھ لگنا۔ مفت خواری کی عادت ہونا
حضرت۔ حضرت۔

www.taemeernews.com



**حقیقتاً مین** - کلہ مین زیادہ ہے۔
**حَل** بفتحتین۔ لفظ صحیح حَلّ بسکون میم ہے

## خ

**خاکشیر** - خاکشی۔
**خِٹنا** - بالکسر وسکون تاے ہندی وفتح ثانی خصیہ
**خشخش** - خشخاش
**خون خچر** - کشت وخون
**خیر سَلا** - خیر وصلاح۔
**خبز کر جانا** / **خبز ہونا** } چلا جانا۔

## ر

**درحقیقت مین** - کلہ در زیادہ ہے مگر بازاری جہلا کی زبان پر جاری ہے
**وَرمَت** -
**وَرمہ** - } لفظ درمان کی خرابی کیگئی ہے
**وَرسَن** -
**وَروغہ** - داروغہ کو اصلاح دیگئی ہے
**دروزّہ** - بالفتح وفتح زاے عجمہ مشدد - دروازہ
**دریاؤ** - دریا۔
**دفان ہونا** - دافع ہونا - دور ہونا
**دم کٹا بھینسا** - فربہ اندام سیاہ فام پست قد اور توانا آدمی۔
**دُنت کتھا** - بیان طویل۔
**دُمدکنا** - گرم ہونا - مکان یا زمین کا۔
**دوالی کی کلھیان** - سستی اور نمائشی رنگ خام سے رنگی ہوئی اشیاء۔
**دِوال** - دیوار۔
**دَوائی** - دوا۔
**دھار پر مارنا** - کچھ پروا نہ کرنا۔
**دھانگی** - باغلان نون - حاصلات
**دَھاوَت** - چست وچالاک۔
**دَھیان رکھنا** - احسان رکھنا - چھُدا رکھنا
**دَھرنا** - بالضم دال مہملہ مخلوط الہا - اغلام کرنا
**دَھڑکے اندر لینا** - ہضم کر جانا۔
**دھوبین پار کر دینا** - بہت نامردی کرنا
**دھوپا** - دھوکا۔
**دُھوتو بیگ** - کلان پھپھسا آدمی۔
**دِبِنگ** - دبنگ

## ڈ

**ڈٹ ڈٹ کے** - مستعدی اور تندہی سے
**ڈاہل** - دایم الحبس۔
**ڈانٹنا** - پہننا
**ڈلمل یقین** - ہر بات کا یقین کرنے والا
**ڈھور** - بضم دال ہندی واؤ مجہول - مردہ گاے بیل
**ڈھب کھانا** - جماع کرانا - اغلام کرانا۔

www.taemeernews.com



ڈورا۔ باورچیون کی زبان مین گھی جو پختہ چاول مین اوپر سے ڈالدیا جاوے

ڈھنڈو۔ زن پیر سالہ و چالاک فتنہ پرداز

ڈھیٹا کرنا۔
ڈھیٹا کسنا۔ } حیلہ کرنا۔

ڈھیلا کرنا۔ کسی کے تقاضے سے دینا۔

ڈیوٹ۔ بیوقوف۔

ڈیپوڈل۔ سب سے کلان۔ تیز

## ذ

ذِکر۔ بالکسر و کاف مفتوح بازاری زبان پر جاری ہے۔ صحیح بسکون کا رہے

ذِکرہ۔ تذکرہ کی مٹی خراب کی گئی ہے

## ر

رائتا۔ طعامچہ

راگ دینا۔ فریب دینا چکمہ کرنا۔

رِزق۔ بالکسر و فتح زاے معجمہ بازاری زبان ہے

رسید کرنا۔ دینا۔ لگانا

رُعاب لفظ رعب کی مٹی خراب کیگئی ہے

رِعایا۔ جمع کا لفظ واحد کی جگہ مستعمل ہے

رنگا سیار۔ جو شخص بظاہر خلیق ہو

رنگے آنا۔ خصوصیت مآب ہونا

رِیتنا۔ سارنگی بجانا۔

رٹیٹ ہونا۔ بالفتح مفرور ہو نا چلا جانا

رٹہ مارنا۔ کسی کے فائدے مین

رخنہ ڈالنا۔ در پے آزار ہونا

رِیشتا۔ جھگڑا۔

## ز

زرد۔ بازاری زبان مین بفتحتین جاری ہے

زنان ستری۔ بارعلان نون دوم۔ زنادہ

زیادہ۔ بروزن زادہ۔

زیٹیا۔ بالکسر و تحتانی اولی معروف۔ یاوہ گو

## س

سادات۔ بازاری زبان مین سید یعنی واحد کی جگہ بولتے ہین۔

سبز۔ بازاری زبان مین بفتحتین جاری ہے

سبزدائی۔ ساز بجانیوالی ڈومنیون مین۔

سٹہ کا لگانا۔ جلن لگانا۔

سٹی پٹی بھولجانا۔ بدحواسی طاری ہونا

سجا۔ بفتحتین مسلم جو میلا ہوا نہ ہو۔

سرخ۔ بازاری زبان بفتح راے مہملہ جاری ہے

سرتار۔ بفتحتین انجام پانا۔

سردہ کرنا۔ سجدہ کرنا۔

سٹرپیچ مارنا۔ شوربہ دار طعام یا شیرینج بدتمیزی سے کھانا۔

سڑاسانپ۔ نہایت ضعیف و کہن سال

سیٹڑا ۔ سنار بجانیوالا ڈھاریوں کی اصطلاح ہے
سِڑا ۔ بالکسر اپنی دھن کا پکا ۔
سِڑان ۔ بالکسر مخبوط ۔
سنسکت ۔ سلطنت کی مٹی خراب کیگئی
سِنی چڑھانا ۔ بالکسر تشدید بدون نیاز دلانا
سُون کھینچنا ۔ بالضم داد معروف
سُون کھسٹینا ۔ خاموش ہو رہنا ۔
سہراٹ لگانا ۔ بالفتح بھولی ہوئی بات یاد دلانا ۔
سہی سارا کرنا ۔ بالفتح ۔ مواجہہ کرنا مقابل ہونا ۔
سیٹھا ستلی ۔ بالکسر و تحتانی مجہول و نون غنہ و تالے ہندی ۔ سازوسامان ۔
سینتنا ۔ بالفتح و تحتانی مجہول و نون غنہ ۔ مار ڈالنا ۔ رکھ چھوڑنا ۔
سینک ۔ بالکسر و تحتانی معروف و نون غنہ ۔ سیخ ۔
سینک کھڑی رکھنا ۔ اپنا چاہا ہوا کرنا
سینگ سانگڑا ۔ ساز و سامان ۔
سُلفا ۔ بالضم جلی ہوئی شے ۔
سُنڈ ۔ بروزن ہند ۔ ڈراڑ ۔
سیئو ۔ سیب ۔
سُوہا کر دیا ۔ ختم کر دیا ۔

## ش

شبرات ۔ شب برات
شرٹیط بدنا ۔ شرط بدنا ۔
شُروا ۔ شوربہ
شب شہادت کی رات ۔ بازاری زبان پر "کی رات" کا فقرہ زائد شامل ہے
شاگرد ۔ بکسر کاف فارسی و فتح را بازاری زبان ہے ۔

## ص

صدر ۔ عام و خاص کی زبان پر تحسین جاری ہے
صُبُون ہونا ۔ بالضم داد معروف نصیب ہونا ۔
صِفِیل ۔ صیقل
صِقلی گر ۔ صیقل گر

## ط

طعنے تشنے ۔ طعن و تشنیع ۔ زیادہ تر عورتوں کا محاورہ ہے
طالب گیر ہونا ۔ طلبگار رہنا ۔
طبیعت ۔ بالفتح و سکون ہر سہ و فتح تحتانی طبیعت
طلب ۔ بفتحتین ۔ تنخواہ ۔

## ع

عاصا ۔ عصا ۔

قُفدر۔ بازاری زبان مین بفتح دال مجمہ جاری ہے۔
عرض کرنا۔ فرمانے کے مقام پر جلا بولتے ہین۔

## غ

غُنت رَبُود۔ ہیچ کارہ۔ مہمل۔
غدر۔ بازاری زبان پر بفتحتین جاری ہے

## ف

فالتو۔ علاوہ۔ زیادہ ہوا
فراغت ہونا۔ جماع کرنا۔
فرمانا۔ عرض کرنے کی جگہ پر
فکر بفتح کاف عربی بازاری زبان پر جاری ہے
فلیتہ۔ فتیلہ۔
فنڈ پر ہی۔ خالے پر ہے۔
فوق البھڑاک۔ بھڑکیلا

## ق

قاعذ۔ کاغذ
قبوتر۔ کبوتر
قدر۔ بازاری زبان پر بفتحتین جاری ہے
قسمت ٹھونکنا۔ قسمت آزمانا۔
قسوڑا۔ قسائی۔

قُلف۔ قفل
قلفی۔ قفلی

## ک

کارنوس۔ کنایہ از آلہ تناسل مردانہ ہے
کندو۔ بالفتح وضم دال مشدد واؤ معروف۔ خصیہ
کانچ۔ دھونی کا وہ حصہ جسے پس پشت گھر سکتے ہین۔
کیا ہو جانا۔ بھولجانا۔
کچے کی ڈاٹ۔ پست قد۔ فربہ اندام آدمی
کِتّا۔ کِتنا۔ کسقدر۔
کتیا کا چھنالا۔ عام طور پر زحمت کا سامنا ہونا کسی معاملہ مین پریشان ہونا۔
کِتّی۔ کتنی۔ کسقدر۔
کتیان بھر نا کسی طرف روانہ ہونا۔
کتے خصی۔ کنایہ ہے زحمت سے
کٹنی۔ عرف عام فروخت کرنے والی عورت
کچاک۔ ہلاک۔ فرانسیسی کی مثل خراب کہلائی ہے دیہاتون کا محاورہ ہے
کچ کچ۔ چند آدمیون کا مسلسل دخول
کھٹکوانا۔ نکال کرنا۔
کچھ لیکا بخار کھائے گا۔
کرایہ دار آیا ہوا ہے عورت حاملہ ہے

کوَر۔ حصہ۔
کرگھا۔ جولاہون کی اصطلاح نقط کارگاہ کو بگاڑا ہے۔
کڑکی۔ قرنی۔
کلکر کھنٹ۔ کنایہ ہے مخصوصہ زحمت سے
کسوڑا۔ بفتحتین۔ دصاب
کگڑ والا۔ ساقی۔ حقہ پلانیوالا۔
کِلک بفتح لام بازاری زبان پر ہے
گگھا۔ بالفتح وفتح کاف فارسی مخلصی الحاصل روپیہ
گلیا۔ خلیہ۔
گنتی۔ کمی۔
گنّاپ۔ طمانچہ
گنّاپ کی آنا۔ طمانچہ مارنا۔
گنے۔ بالفتح وبائے مجہول۔ یاس۔
گوّاپریکا۔ کلمہ تضحیک کسیکی شامنین
گوّاگھارنا۔ شور وغل۔
گوڑی کرنا۔ مال بیکپزر نقد کرلینا
گوڑی گوڑی کو بھنگی ہوجانا بالفتح تہیدست ومفلوک الحال ہوجانا
کھاجانا۔ دل لگی کی بات نہ سمجھ کر ہان کردینا۔
کھابدنا ۔ مغالطہ مین پڑنا نقصان اُٹھانا۔ دِلگی کی بات نہ سمجھ کر ہان کرنا

کھرے توڑنا۔ بمحل خندہ بآواز کرنا۔
کھرج مین بولنا۔ نہایت آہستہ بولنا کہ بات سمجھ نہ پڑے۔
کھڑا کرکے دکھانا۔ تعمیل ارشاد نہ کرنا نافرمانی کرنا۔
کھنگالنا۔ گاہ گاہ کسی غیر عورت سے جماع کرنا۔
کھنگڑ پر گاڑ گھسنا۔ پیران کہن سال کو فریب دیکر اپنے ڈھب پر لانے کی کوشش کرنا۔
کلیا۔ قلیہ اور کلیہ۔

## گ

گُپ چُپ کی لڈو کھانا۔ خاموش رہنا
گپڑچوتھ کرنا۔ کسی معاملہ کو صاف نہ کرنا ومخلوط کردینا۔
گچوپارہ کھیلنا۔ بالفتح وتشدید جیم فارسی ہونا ضائع
گد۔ چالاک وکہن سال۔
گدّا۔ گھونسا پٹخنی۔
گدّامی۔ انگریزی وضع اختیار کرنیوالا
گرم پانی گرانا۔ نامطبوع عورت سے جماع کرکے خواہش نفسانی پوری کرنا۔
گریب۔ غریب۔
گڑھنا۔ خوب پیٹنا۔
گلگلنگ ہونا تباہ وبرباد ومردہ ہونا۔

گڑھے گیر ہونا
گلے گیر ہونا } گریبان گیر ہونا۔
گلچھرہ ہونا۔ ناراض ہونا خفا ہونا۔
گوبر۔ بدمزہ۔ سیٹھا۔
گوبر گنیش۔ بے وقوف۔
گوش۔ گوشت۔
گھپلا۔ السیٹھ
گھپلے مین پڑجانا۔ الٹوا بین پڑجانا۔
گہرا چھانا۔ بدنامی۔ توتو مین مین۔
گہرگھانا۔ کارنازیبا کرنا۔
گھٹا ہوا ہونا۔ چالاک ہشیار ہونا۔
گھر کرنا۔ چراغ بجھادینا۔
گھر۔ کنایہ ہے معشوقہ سے۔
گھسا دینا۔ فریب دینا۔
گھسر پسر کرنا۔ معاملہ مین گھلاک رکھنا۔
گھگھو۔ بضم ہر دو گاف فارسی مخرف اے۔ احمق
گھما دینا۔ غائب کردینا
گھنگرج۔ شدید سنگین۔
گھونٹ جانا۔ کسی کی واجب الادا رقم کو ہضم کرجانا۔ یعنی نہ دینا۔
گھونگا۔ احمق۔
گہرہ ہوجانا۔ نہایت کثیف ہوجانا۔
گھرگھوچ کرنا۔ مٹانا برباد کرنا۔

## ل

لٹیا ڈبونا۔ نقصان وزیان کرنا۔ مال کھودینا
لپڑ۔ لپوٹا۔ طمانچہ
لپڑی۔ بضم و کسر رائے ہندی۔ کلاہ
لہلام۔ نسلام
لینڈی دماغ کو چڑھ جانا۔ یعنے مزاج مین تکبر و غرور آنا۔
لینا۔ مجامعت کرنا۔

## م

مارکے۔ نہایت
ماصول محصول۔
مارلات پوٹا پھٹ جائے۔ مستعدی اور چالاکی کو کام مین لانا
مارنا۔ جماع کرنا
ماف۔ معاف۔
مالم۔ بفتح لام۔ معلوم
ماخولیا۔ بمعنے دیوانہ کے زبان بازاری
مدّا۔ مدعا کا مخفف ہے۔
مان باپ۔ آقائے مذکر کیطرف خطاب کرکے اسکو مان اور باپ دونون تصور کرتے ہین۔
مان بابون۔ تفات صرف مان باپ بولتی ہین
مٹ مرد۔ مخنثردی۔ متردد متردی کی خرابی
مجاز۔ مزاج پر عنایت ہوئی ہے

رجسٹر۔ مجسٹریٹ کا مخفف
مجرس۔ زیادہ کفایت شعار۔
مخادیم۔ بجائے مخدوم بازاری اصطلاح۔
مختیار۔ مختار پر اصلاح ہوئی ہے
مردے کی گانڈ مین لگادو تو اٹھ بیٹھے۔
یہ خاص سرخ مرچ کی تلخی اور ترشی چیز کی ترشی انتہا کا بیان ہے
مرشد کلان نہایت چالاک
مشال۔ مشعل پر اندھیر کیا گیا ہے۔
مفلسا بیگ۔ مفلس کیواسطے بولتے ہین
مقالبہ / مکالبہ۔ لفظ مقابلہ کی مٹی خراب کیگئی ہے۔
مکان۔ بالفتح و کاف مشدد بولتے ہین۔
مطالع بضم اول و فتح لام و سکون بین مطالو۔
مکھی چوس۔ بخیل
ملک۔ بفتح لام بازاری زبان پر جاری ہے
ملھم۔ رحیم کی خرابی کیگئی ہے۔
میمانی۔ مہمانی کو بگاڑا ہے۔
منجض۔ منضج کو بگاڑا ہے۔
مہین چین۔ منصوبہ۔
منصر منحصر کی مٹی خراب کیگئی ہے۔
مینا بو جانا۔ حوصلہ پست ہوجانا۔
منسارام۔ کنایہ کسی خرے۔

مٹوت کا چلوہا تھ مین ہونا۔ بیکنامی کے بجائے بدنامی کا الزام حاصل ہونا۔
موت مارنا۔ خوفزدہ ہونا۔
مونہا مونہی ہونا۔ باہم آزردگی و رنجش ہونا
منھ چیڑا کردینا۔ سخت طمانچہ کلے پر مارنا۔
منھ چیرخا ہوجانا۔ منھ پھر جانا۔
مہربانگی۔ مہربانی۔
مہجت۔ مسجد۔
میخ مارنا۔ رخنہ اندازی کرنا۔
منجل۔ منزل کی خرابی کیگئی ہے۔
میران گسیان۔ والی وارث کو کہتے ہین
مبتلا۔ گہ

## ن

نامکر ہونا۔ مکر جانا۔ لفظ نا زائد ہے
نامحروم ہونا۔ محروم ہونا۔
نام للہ۔ اللہ کے نام پر۔ للہ
نامہ۔ نواڑ کا ڈھیر بورے بس دانون کا کنجڑون کی اصطلاح ہے۔
نخالص۔ بجاے خالص کے بولتے ہین
نرنگی۔ نارنگی۔
نسیحہ۔ بدشگونی۔
نشا خاطر رہنا۔ خاطر جمع رکھنا۔ مطمئن رہنا

عہ میر و دلشاد کیوقت تک فصیح اور ثقات کا محاورہ تھا ناسخ کے زمانے مین بازاری زبان ہے۔۱۲

نشانہ چوک جانا۔ نشانہ خطا کر جانا۔
نعلت۔ لعنت پر مہربانی ہوئی ہے۔
نکاحتا۔ نکاح کی ہوئی عورت
نکارا۔ ناکارہ۔
نک پھٹنا۔ طمانچہ
نکارسی۔ ناکارہ چیز یا عورت۔
نگاڑا } نقارہ
نقاڑا }
نگسا } نسخہ
نخسا }
نگیالینا۔ کپڑے چھین لینا
نوید۔ جہلا و حجام تعزیت کے کھانے کے نیوتے کے معانی پر بھی اس لفظ کو استعمال کرتے ہین
نئی کھیپ۔ نوخیز نوجیان زناکاری کا پیشہ کرنے والی عورتین۔
نیم کی ٹہنی ہلانا۔ آشنک مین مبتلا ہونا

## و

وائے ویلا۔ واویلا کو اصطلاح دیکھئی ہے
وَخت۔ بفتحتین وقت
وُرُدُو۔ اُردو کی مٹی خراب کیگئی ہے
وَن ٹو۔ بنٹو۔ خصیہ
وہ بات کہتے ہو کہ گدھون کو بھی ہنسی آئی
یعنے سراسر نادانی کی بات کہتے ہو۔

## ہ

ہاتھ پاؤن دھوکے چڑھ بیٹھنا۔ دفعتًا حربہ یا حملہ کرنا۔ یا عورت کی آبرو لینا۔
ہاتھ جھاڑنا طمانچہ مارنا۔
ہاتھی کا لینڈ۔ فربہ اندام شخص
ہائی ہونا۔ مثل و نظیر دافع ہونا۔
ہائے ویلا۔ ہائے واویلا کا مخفف کیا گیا ہے
ہمت تری دم مین نمدا۔ کلہ سر زنش
ہتھیار۔ آلہ تناسل مرد۔ کلان۔
ہتھیا لینا۔ اپنے ہاتھ مین لے لینا چھین لینا
ہرکاس۔ بالکسر ہرگز
ہردی جتونی۔ ضرورت پر بدسلوکی بلاضرورت سلوک کرنا۔
ہڑلو۔ جسے چند آدمی ملکر بیوقوف بنالین
ہگاس۔ پاخانہ پھرنیکی حاجت۔
ہگ مارنا۔ خوفزدہ ہونا۔
ہلکا ہونا۔ جلاب کرنا۔
ہیہی ہیہی کرنا بیجل ہنسنا۔

## ی

یہ۔ اشارہ ہے آلہ تناسل کیطرف۔
یہ بھی کہینگے ہمین بکری بندر لے دو
یعنے محض نادان و لغو ہین سو قوی کے موقعہ پر بولتے ہین

## خاص غنڈون کی زبان

ابے تبے کرنا۔ ناملائم بات کہنا
اُکھاڑی نہین اُکھڑتی۔ کچھ نہین ہوسکتا
اکارت۔ لفظ غارت کی خرابی کیگئی ہے۔
بال تو نہین آئے۔ حوصلے سے زیادہ چاہنے کی نسبت اشارہ ہے
بولتی ماری گئی۔ خاموش ہوگئے
بھلے پر تیل ملنا۔ نازیبا اطاعت کرنا
پھسلا دینا۔ فریب دینا۔
بُھت کا۔ بھتنو کا۔ کلمہ تضحیک کیسکی نسبت
بھنانا۔ فائدہ حاصل کرنا۔
بھوتون سے گانڑ مانگنا۔ سیانے آدمی کو چکر دینا
بھونکا۔ کلمہ تضحیک کسی کی نسبت۔
بھینس کا انڈا۔ فربہ اندام سیاہ فام آدمی
بے۔ ابے کا مخفف۔
بیٹیا از غیبا۔ حرامزادہ۔
بے ٹونٹی کا بدھنا۔ بیوقوف سادہ لوح
بے کس کا لگا۔ طویل القامت شخص۔
پا دگھا کے۔ پاوندے کی ہے۔ کلمہ تضحیک کسیکے کلام کی نسبت
پشم۔ ہیچ۔
پشم اُکھاڑنا۔ خفیف نقصان دیسکنا۔
پشم کر مارنا۔ کچھ پروا نہ کرنا۔
پکڑنے کا شعور نہین۔ کسی کام مین سلیقہ نہونا۔
جھانپو کا جھانٹ جھڑی کا۔ کلمہ تضحیک مخاطب کی نسبت۔
حصیون مین تانت باندھنا۔ بدلہ لینا۔ عاجز کرنا
دُھسنی کا۔ کلمہ حقارت آمیز سے کیسکو خطاب کرنا
رہ گھڑے مین۔ کلمہ تضحیک کسی کی شانمین
ریز کرنا۔ ملاقت لسانی پیدا ہونا۔
زیٹا۔ زیٹ زیٹ۔ زیٹ قلا۔ زیٹ قلا ہا قلا۔ سخنان بے اصل و مہمل۔
زیٹ کی مادہ۔ زیٹ کی بننا۔ زیٹ کی پربنی۔ تضحیک کے کلمے کسی مخاطب کی نسبت
سوکھی منج لمسیڑنا۔ زک دینا
سوکھی النفن۔ دبلی لاغر عورت۔
سونکی گلی۔ کنایہ ہے آلہ تناسل سے
کیا کہنے ہین۔ تعریف کا کلمہ مخاطب کی نسبت
لے پڑنا۔ جماع کی نیت کرنا۔
لے لپک کی۔ یعنے تیری مراد پوری نہوئی
نیم کی ٹہنی ہلانا۔ آتشک مین مبتلا ہوجانا۔
ایک کونے مین مٹی سرکا کے۔ کلمہ تذلیل مخاطب کی نسبت۔
ایک مار بھڑسے۔ کسی کے حوصلہ سے زائد کام کرنے پر اسکی تضحیک کرنا۔

(قسم دوم)

# محاورات عامیان

## بازاریونکی زبان پر بنتیر نقات کی زبان پر کمتر

## الف ممدوہ

آبیل مجھے مار۔ آبلا گلے پڑ۔ خواخواہ اپنے حق مین بُرائی لینا۔

آبرو جگ مین رہے تو جان جانا بشم ہے۔ آبرو کا صدقہ جان ہے۔

آپ خوزادے آپ مرادے۔ تن پرور اکھل کھرا جو دوسرے کی خبر نہ رکھے۔

آپ ڈوبے جگ ڈوبا۔ جب آپ مرے جگ پرلو یا ہی مرے

یا نقصان مین رہے تو کسیکی منفعت یا زندگی سے کیل کام اُن کیا فائدہ۔

آپ سے ملے تو دودھ برابر مانگے ملے تو پانی۔ کہین نانک وہ رکت برابر جسمین کھینچا تانی۔ جو شے بے مطلب مل جائے وہ دودھ کے برابر ہے اور جو کہ مانگے سے ملے وہ پانی ہے اور جس شے مین جھگڑا و فساد ہو وہ شرا مرد خون ہے

آپ نہ جوگی گیدڑی کا گے نیوتن جا۔ اپنا تو پورا پڑتا نہین اور کی ذمہ داری لیتا ہے۔

آٹا نپٹا بوچا شکا۔ نوبی کے وقت کوئی دوست نہین ہوتا۔

آٹا نہ پاٹا مرغ کا ہے پر کاٹا۔ بیمقدوری کی حالت مین کوئی سامان کر بیٹھنا۔

آدھ سیر چنکی دال۔ حصول مقصد مین ناکام ہوکر ایک معمولی دھکی دینا۔

آسا جیے نراسا مرے۔ اُمید و آس سے دلکو ڈھارس و تسلی رہتی ہے۔

آسا مرے نراسا جیے۔ اُمید اور انتظاری کی تکلیف سے نا اُمیدی اچھی۔

آگ لینے بھیجا ہے ابھی لوٹا کر نہین آئے۔ ابھی نا بالغ و ناتجربہ کار ہین ایسے کتنے آئے اور چلے گئے۔

آگے کے دن پاچھے گئے ہر سے نہ کینو
ریت۔ اب پچھتائے کیا ہوت ہے
جب چڑیان چگ گئین کھیت۔ جب
کام کا وقت نکل گیا تو اب افسوس بیکار ہے
جوانی مین جب کچھ نہ کیا تو بوڑھاپے مین
کیا ہو سکتا ہے۔
آگے ناتھ نہ پیچھے پگہا۔ سب سے بھلا
کمہار کا گدھا۔ لاوارث۔ لاولد۔ بے
تعلق اور آزاد آدمی۔
آم املی بھینٹ ہو گئی۔ دو شخصون
مین اتفاقیہ ملاقات ہو جانا جو ایکدوسرے
سے ملنا نہ چاہتے ہون۔
آنکھ بھوٹی پیر گئی۔ ایک دفعہ نقصان
اٹھاکر ہر دفعہ کا ڈر ہونا۔
آنکھ مُندی اندھیرا پاک۔ اپنے مرجانے
کے بعد دنیا تاریک ہو جاتی ہے۔
آنکھون دیکھے چیتنا اور کہہ دیکھے
بیوہار۔ چار آنکھون کی ضرورت ہوتی ہے
آئون گلے مین اٹک گئی ہے۔ بے محل
قرات ظاہر کرنے پر کہتے ہین نیز بات کرنے
مین جب کسی کو اچھو ہو جاتا ہے تو کہتے ہین۔
آؤ پیر گھر ہو کا لیجاؤ۔ نفع کے بدلے
نقصان دے جاؤ۔

آئی تو رائی نہین تو خالی چارپائی
ملا تو نہانا نہین تو کچھ پروا نہین۔
آئے تو کوڑھی کا سوانگ لیکر آئے
آئے تو فیل کرتے ہوئے آئے۔

## الف مقصورہ

اب ستونتی نبے یوں کہا یا سنسار۔
خلقت کو یوں کہ اب زاہد و پارسا بنے ہین
اپنا نیگر پرایا ڈھینگر۔ اپنی چیز اچھی
اور دوسرے کی چیز بری معلوم ہونا۔
اپنا پیٹ باؤ اور نہ دیہون کا ہو تنہا
خوری کی عادت۔
اپنا تھوتھن ڈہانکو دوسرے کو ننگا
پیچھے کہنا۔ پہلے اپنی برائیون پر نظر کر پھر
دوسرے کو برا کہنا۔
اپنا ٹینٹ نہ نہارے اور ونکی پھلی دیکھے
جو خود ویسی ہو کر دوسرے کی عیب جوئی کرے
یعنے اپنے عیبون کو نہ دیکھے اور دوسرے کو نام دھرے
اپنا مرن جگت کی ہانسی۔ اپنی تباہی
کا دکھڑا رونا خلایق کو طعن و تشنیع کا موقع
دینا ہے۔ اپنا نقصان خلقت کی ہنسی۔
اپنا گھر گھ بھر پرایا گھر تھوک کا ڈر

اپنی جگہ کوئی خوف نہین ہوتا ہے دوسرے کے مقام پر ہر قسم کا ڈر رہتا ہے۔

اپنی پیر پرائی باتین۔ اپنا درد اپنے ہی کو محسوس ہوتا ہے۔

اپنی راہ گھا کو یاد کرو۔ چلو خوش رہو اپنی راہ لگو۔

اپنی اور بٹائیے واکی وا جانے۔ اپنے کام سے کام رکھو اُس کی وہ جانے۔

اپنی بپتی کس سے کہیے پیٹ مسوسا دے دے رہیے۔ نقصان اور زک اُٹھا کر سوائے دل مین افسوس کرنے کے اور کیا ہو سکتا ہے۔

اپنے مرے بن سورگ نہین ملتا بغیر اپنا ہاتھ لگائے کام درست نہین ہوتا ہے۔

اپنے نین گنوائے کے درد رائگین جیک

اپنی دولت بیجا مصارف مین اڑا کے دوسرے کا دست نگر ہونا۔

اَت کا بھلا نہ بولنا اَت کی بھلی نہ چپ

اَت کا بھلا بَرسنا اَت کی بھلی نہ چپ

جو شے اعتدال سے گذر جائے وہ بُری معلوم ہوتی ہے۔

آٹم سے اُتم ملے اور نیچ سے نیچ

ہر شریف اور رذیل اپنی جنس کی جانب رجوع کرتا ہے۔

اُتری ندی کنارے ڈھائے۔ آدمی لاچار ہو کر غریب کو ستاتا ہے۔

اُجگر کے داتا رام۔ خدا کا ہون کا بھی رزاق ہے جس کا کوئی مددگار نہین ہوتا اُسکی مدد غیب سے ہوتی ہے۔

اُدم سے دلدر گھٹے۔ محنت و تجارت سے محتاجی و مفلسی رفع ہوتی ہے۔

ادھ جل گگری چھلکت جائے۔ تھوڑی دولت والے بہت مغرور اور متکبر ہوتے ہین

اَدھوڑی کی عینک لگاؤ۔ نیچے دیکھ کر کام کرو۔

اس کی جڑ تو پاتال کو پہونچ گئی ہے۔ دیر پا ہے۔ پائدار ہے

اصل کہے سو داڑھی جار۔ راست گفتار آدمی دشمن سمجھا جاتا ہے۔

افلاطون کے نانی بنے پھرتے ہین خواہ مخواہ سب کو ڈراتے دھمکاتے پھرتے ہین خدا جانے اپنے تئین کیا سمجھتے ہین

اکاس باندھین پاتال باندھین گھر کی ٹٹی کھلی۔ نبدوبست بڑے بڑے مگر گھر کا انتظام خاک نہین۔

اکیلا نہ چلئے باٹ جھاڑ بیٹھے کھاٹ

تنہا سفر نہ کرنا چاہیئے اور چارپائی کو بیٹھتے
وقت جھاڑ لینا چاہیئے۔
اگھانے کا ٹھگانہ نہ ہے۔ آسودہ حال اور
فضول خرچ بے پرواہ ہے۔
آن دھن پر لچھمی نرائن برائے مال پرستی
اندھے کی جورو کا اللہ بیلی۔ مجبور کی آبرو
خدا کے ہاتھ ہے۔
اندھے کے لیکھے جیسے رات ویسے دن
افسردہ دل کو کسی موسم میں فرحت نہیں میسر ہوتی
انوکھی جرو اساگ میں شکر وا۔ بے جوڑ بے میل
اوکھڑی جھانٹ گلیان کی سوا چلے اجمیر
اوتی سلوک کا احسان بہت جتانا۔ بڑائی مارنا۔
اوڑھنبیری ساون آیا۔ برطرفی اور
بیکاری کا زمانہ۔
اوڑھلی لوئی تو کیا کرے گا کوئی۔
بے حیائی اور بیباکی سے بس نہیں چلتا۔
اوکھت چلے نہ چوپٹ گرے۔ جو شخص
سیدھی راہ چھوڑ کر بے راہ چلتا ہے وہ
ضرور زک اٹھاتا ہے۔
اونٹ کا پاؤ زمین کا نہ آسمان کا۔
پادر ہوا بے سود بات۔ مہمل گفتگو۔ ٹونگ
اونٹ کی چوری ٹھوڑے ٹھوڑے۔
مشہور و معروف بات کو چھپانا اور پوشیدہ کرنا

اودم کھیتی دوم بیوہار نکشٹ چاکری
بھیک ندان۔ اوّل کھیتی دوم تجارت
سوم ملازمت اور بدرجۂ آخری گداگری
اوڑن کے پانوں نونیا دھووے
اپنے دھووت لجائے۔ دوسرے کے
کام میں مستعدی اپنے کام میں کاہلی اور تنگ
اولتی کا پانی نگری پر نہیں جاتا۔
سفلہ کمینہ شریف کی برابری نہیں کر سکتا
اہار چوکے وہ گئے بیوہار چوکے وہ
گئے۔ سسرال چوکے وہ گئے دربار
چوکے وہ گئے کھانے پینے کے
معاملے میں سسرال اور عدالت نہیں جانا
نہ چاہیئے۔
اول میں چول دہی میں موسل۔
ہوتی ہوئی بات میں بکھیڑا اور جھنجھٹ
لگا دینا۔
اے تیری قدرت کے کھیل چھچھوندر
لگاوے چمیلی کا تیل۔ بے حقیقت
آدمی کو اپنی آرائش کا حوصلہ۔
ایسے مرد کو کون کفنائے جو
کفنانے میں پاوے۔ جو شخص ادنی
مجبوری میں بھی شرارت سے باز نہیں
آئے اس سے احتراز لازم ہے۔

ایسا جیسے روپیہ کے ٹکے کھنا لیے۔
تہایت کھرا۔ معاملے کا صاف جس مین ذرا
بھی کھوٹ نہین۔
ایسا گیا جیسے محفل مین سے جوتا۔ کیا
جلدی غائب ہوگیا مفقود ہوگیا۔
ایسے گئے جیسے گدھے کے سر سے سینگ
بالکل ہی غائب دفعہ ہوگئے پتہ نشان تک
بھی نہ رہا۔
ایسی پنج ماری کہ پار نکل گئی۔ خوب
ہی زک دی۔
اِفسر آئین دلدر جائین کسی کے مبارک
قدمون سے نحوست ٹلنا۔ نیز کلمہ دعائیہ
ہے۔ یعنے بھلائی آئے برائی جائے۔
اِفسر سے بھینٹ نہین دلدر سے کیون
بگاڑیے۔ خدا تو ملتا نہین بندون سے
کیون نہ میل رکھیے۔ ایک تو تقدیر یاور
نہین دوسرے زمانے بھر سے ناموافقت
اَہیر کے گھر تیتر باہر باندھون کہ بھیتر
تھوڑی بہت شے پر بہت زور۔
ایک پنتھ دو کاج۔ ایک کام کے ساتھ
ساتھ دوسرا کام بھی انجام پاجانا۔
ایک تھیلی کے چٹے بٹے ہین۔ ایک ہی
نسل یا قوم اور جماعت کے ہین۔

ایک ٹکا میری گانٹھی لنڈو کھاؤن
یا ماٹھی۔ مفلسی مین اِترانا۔
ایک نار جو دوسے ہینسی جیسے ستر
ویسے انسی۔ فاحشہ جو اپنے مرد کے سوا
دوسرے سے مبتلا ہوئی اُس کو کسی سے
انکار نہین ہوتا۔
ایک جوے کی سولہ روٹی بھگت
نہین بھگتائن کھوٹی۔ جُز رسی کی
انتہا پر خوشی نہین بلکہ اولٹے بدنامی ہو
ایک کی سیر دوسرے کا تماشا تیسرے
کی موت چوتھے کا جنازا۔ زیادہ مجمع
خوب نہین سیر و تماشا ایک دو آدمیون
مین خوب ہوتا ہے۔
ایک کی لاٹھی دس جنے کا بوجھ ایک
کی کمائی سے سبھون کی گذر یا ایک کا
سوال دس آدمی ملکر پورا کردین تو کسی
کو نہ کھلے۔
ایک کھائے ملیدہ ایک کھائے
بھس۔ ایک خوشحال ایک نادار
اپنا اپنا مقسوم۔
ایک گھڑی کی بھیائی سارے دن
کا اُدھار۔ تھوڑی سی بھیائی سے بڑا
سا کام نکلجاتا ہے۔

ایک لکھ پوت سوا لاکھ ناتی جس
راون کے دیا نہ باتی۔ ظالم آدمی کی
نسل نہین باقی رہتی جیسی راون کی ڈیڑھ
ایک لاکھ بیٹا اور سوا لاکھ پوتا ہونے کے
نسل بھی نہ باقی رہی سب مارے گئے۔
ایک نور مکھی سمان نور نہیں۔ لباس
سے انسان کی زینت ہے۔
ایک لکڑیا بانسے کی کانی آنکھ تماشے
کی۔ آوارہ لڑکون کا کھیل جو ہمرکانے
لڑکے کو چڑانے کے واسطے کہتے ہین
ایک خطا دوسری خطا تیسری مادر بخطا
بار بار خطا کرنا شریفون کا کام نہین۔

بارہ گانؤن کا چودھری تیسی گانؤن
کا رائے۔ اپنے کام نہ آئے تو ایسی
تیسی مین جائے۔ تونگر اور دولتمند
اگر بے فیض ہو تو کس کام کا۔
باسی بھات مین اللہ میان کا نہوڑ
نکمے مال مین احسان جتانا۔
بانھ گہے کی لاج۔ نباہ کرنا۔
برات کی سوبھا باجا ارتھی کی سوبھا
رونا۔ اپنے اپنے موقع پر شادی غمی
کے اسباب و سامان زیب دیتے ہین۔

برھما بھی اتر آئین تو کچھ نہ ہوگا کیسا
ہی ذی مرتبہ شخص سمجھانے کچھ نہوگا۔
بڑے بڑے بیٹے جائین گرڑیا تھاہ
لے۔ جس کام مین اعلیٰ اعلیٰ مربہ اجر
ہون اُس کام کا بیڑا ادنی شخص اٹھائے
بڑ چود۔ ایک قسم کی گالی ہے۔ دکھر کی
نسبت جو عام کی زبان پر جاری رہتی ہے
خواص بھی بولتے ہین۔
بڑھے رہو بیٹا۔ شاباش۔ مرحبا۔
بگلا مارے پھناہاتھ۔ کا بے نتیجہ۔
بل بے بڑی تیرا بچھانٹ لیے کتنا
اِترآتا ہے تنبیہ کرتا ہے۔
بن کے جائے ہمیشہ بن مین نہین
رہتے۔ کسی کی حالت ہمیشہ ایک طرح پر
نہین رہتی۔
بن بھائے پریت نہین نہ بن پرچے
پرتیت۔ بغیر لینے دینے کے محبت اور بغیر آزمائش
اعتبار نہین ہوتا۔
بنج کرینگے بانیے اور کرین گے ریس
بنج کیا تھا جاٹ نے رہگئے سو کے بیس
جس کا کام اُسی کو ساجے دوسرے
کرین تو ٹھینگا باجے۔
بندر کیا جانے ادرک کا سواد ناقد

کو نعمت کی کیا خدر ہو۔ فرمایہ اعلیٰ چیز کو کیا جانے
بور کے لڈو کھائے سو پچتائے نہ کھائے
سو پچتائے۔ ایسی چیز جس کا عدم وجود
دونوں قابل افسوس ہو۔
بوہرے کی رام رام جم کا سندیسہ
قرضخواہ کا سلام بھی تقاضا ہے۔
بھات ہوگا تو لوے بھی آرہینگے۔ پیسہ
ہوگا تو دوست بہت ہونگے دولت دیکھکر
سب گرد ہوتے ہیں۔
بھادوں سے بچے تو پھر مل رہیں گے
آفت و مصیبت ٹل گئی تو پھر ملیں گے۔
بھاگتوں کے آگے مارتوں کے پیچھے
نہایت بزدل شخص۔
بھدرا ان کو کھائینگی۔ نحوس ساعت
مفرت پہونچائیگی۔
بھرما بھوت سنکا ڈائن۔ بے بنیاد
اوہام سے خوف پیدا ہونا۔
بہرے کے آگے گاؤ ناگونگے کے آگے
گل۔ اندھے کے آگے ناچنا تینوں لاحاصل
بلبل۔ جان بوجھکر لاحاصل کام کرنا جس
سے کچھ فائدہ نہو۔
بیت بال پت تر پاپت نہ نرکہ دیں
سمپت کو کا جھٹکت ہو کر پت کو بڑوا ندیں

جس جگہ بہت آقا و حاکم ہوں یا نابالغ حاکم
ہو یا عورت آقا ہو یا کوئی بھی نہ ہو ایسی
جگہ خوشحالی در کنار آبرو ریزی کا اندیشہ ہے۔
بھوکا بنگالی بھاتہی بھات پکارے
ہر شخص کو ضروری چیز کی ہر دم جستجو رہتی ہے
بھوکے نے بھوکے کی ماری دونوں
کو غش آیا۔ مشقت لاحاصل اور مفلسی
بین مفلس کی مدد۔
بھولے باحسن گائے کھائی اب کھائے
تو رام دوہائی۔ ایک بار زک اٹھا کر
آیندہ کے لیے ہوشیار ہو جانا۔
بھیڑے بھیڑ چیرواہا پوچھے پڑوا نیگا ہی
اپنے مطلب کی تحقیقات در پردہ کرنا۔
بھینس کے آگے بین بجاوے بھینس کھڑی
پگھرائے۔ بیوقوف آدمی پر نصیحت بیسود ہے
بیر جو راکھے سادھو ساتھ کچھ نہ آوے
اس کے ہاتھ نیکنامی کی عدالت بہت ہی نقصان ہے
بیگانے بھروسے پر کھیلا جوا آج نہیں تو کل مرا
دوسرے کے بھروسے پر کوئی کام کرنا خود کو بلا میں ڈالنا ہے

## پ

پانی کا مال پرایت جائے چور پڑے یا ٹھگ
لیجائے خیر اس آدمی کا مال ضرور تلف ہوتا ہے

پار والے کہین دار والے اچھے دار والے کہین پار والے اچھے۔ آپس کا رشک وحسد۔

پانچون پنڈے چھٹے نارائن بشوے مین برکت باطنی۔

پانچے میز پچاسے ٹھاکر۔ کمزور کاشہ زور سے دبکر صبر کرنا۔

پانڈے جی پچتاؤگے پھر وہی چنے کی کھائین گے۔ جس چیز سے گریز ہو مجبوری مین اُسی پر راغب ہونا۔

پانڈے دونون دین سے گئے حلوا بھی نہ ملا پانڈے۔ زیادہ سفت کی ہوس مین گرہ کا بھی کھو بیٹھے۔

پانی کا ہنگا منھ تک آتا ہے۔ بڑی کام کا بڑا انجام

پانڈے جیئین تو پتیائین۔ زندگی سے یاس ہو جانا۔

پرایا بگاری بڑا دھوم دھاری میرکا مددگار بڑا ایماندار

پرائی آس نت اوپاس۔ دوسرے کے بھروسے پر راحت نہین۔

پرائے خائے پر شکرا پالنا۔ دوسرے کی کمائی پر بسر کرنا۔

پرائی گانٹر مین لکڑی گئی بھس مین گئی۔ برا یا بھلا معلوم نہین ہوتا۔

پڑھ پاتھ لکھ بوڑھا بھئے اینٹین باندھ کچہری گئے۔ پڑھ لکھکر علم سے بے بہرہ رہے۔

پڑھین فارسی بیچین تیل یہ دیکھو اُس کے کھیل۔ ہنرمند بدقسمت شخص

پوت کے پانؤن پالنے مین پہچانے جاتے ہین۔ ابتدا ہی سے کسی کی نیکی بدی پہچان لی جاتی ہے۔

پون کا پوت پنچال کا راجہ۔ نون طبع ہونا۔ مستقل مزاج نہونا۔

پوتی تو توتی بھئی پنڈت بھیا نہ کوئے دُھائی اکچھر پریم کے پڑھے سو پنڈت ہوئے۔ علم وفضل سب بیکار ہے اگر خدا کی محبت نہو۔ وہی عارف ہے جو خدا کا نام لے۔

پھسل پڑے کی ہر گنگا۔ اتفاقیہ حسنات بچے مین پانؤن دفتر مین ناؤن

دخل در معقولات دینا۔

پھونکنے نہ پھانکنے کے ٹانگ اُٹھا کر تاپنے کے۔ خودغرض کام چور۔

پیٹ مین پڑا چارا تو کودنے لگا بچارا آسودہ حال ہوکر پچھلی باتون اور پریشانیون

کو بھول جانا اور اترانا۔
پیٹ مین پڑین روٹیان تو سبھی گلان
موٹیاوے۔ آسودگی کے عالم مین بھی کی سوجھنا
پیر کو نہ فکر کو پہلے کالے چور کو سپنے نہین آوے
پر مقدم کرنا۔

## ت

ترت وان مہا کلیان۔ فوری دادو بخشش
کا احسان زیادہ ہوتا ہے۔
ترک سیکھے تو سہنا سنگ۔ ذلیل کے
ساتھ خفیف منفعت اٹھانا۔
تم کاٹو ناک اور کانی مین نہ چھوڑون
اپنی بانی۔ لاکھ تنبیہ اور سیاست ہو مگر
اپنی عادت بد نہ چھوڑنا۔
تمہارے منھ کا اگال ہمارے پیٹ
کا ادہار۔ تمہارا پس خوردہ ہمارا پرورش
کا ذریعہ ہے۔
تن سکھی تو من سکھی۔ تندرستی سے
دل کو راحت ہوتی ہے۔
تیلی کا تیل جلے مشعلچی کی گانڑ پھٹے
کسی کے مصارف پر آپ کڑھنا۔
تین ٹانگ کی گھوڑی نو من کی
لدنی۔ طاقت سے زیادہ حوصلہ و ہمت
تین مین نہ تیرہ مین شتلی کی

گرہ مین۔ محض نکما اور ناکارہ۔
تیسری آنکھ مین بھی کھڑا۔ دوا دیسون مین
تیسرا اتحاد ہوتا ہے۔

## ٹ

ٹانٹی بھرے تبا سا اور ٹھوری کرے تماشا
غیر منکوحہ عورت کی کیسی ہی ناز برداری
ہو مگر وہ خوش نہین رہتی۔
ٹاٹ مین مونجھ کا بنجیہ۔ غیر مناسب
چیز دن کا اتصال۔
ٹال مٹول وقت کے چور۔ کام چور
بھول نوکر۔
ٹٹر کھولو نکھٹو آئے۔ نکمے خلوتی
کا بیجا تحکم۔
ٹھگائی سے ٹھاکر بنتا ہے۔ بدیانتی
اور جبر سے روپیہ جمع ہوتا ہے۔
ٹھیٹھرے ٹھیٹھرے بدلائی۔ دو
ہم پیشہ لوگون کی چال کی باتین۔
ٹھالا نیا تولے بانٹ بیکار کا نکمہ کام۔
ٹکر ٹکر دیدم دم نہ کشیدم۔ کسی شخص
کی ناجائز حرکتون کو روک نہ سکنا۔
ٹنگ جیے تو کیا جیے۔ ذلیل زندگی کا
کیا بھروسہ۔
ٹنگ جیے اگر ہوے ذلیل زندگی

کا بھی شکرانہ بہت ہے۔
جو ٹکون گاج نہین ٹلتی۔ ادنی تدبیر
سے بڑی مصیبت نہین رفع ہوتی ہے۔
ٹیپ ٹاپ کی پگڑی باندھی وہ
بھی صدقہ جورو کا۔ بیگانے مال پر
شیخی کرنا۔
جو ڈاڑھے کو گھن نہین لگتا۔ شریر آدمی کا کوئی
کچھ نہین کر سکتا۔

## ج

جا پوت وکھن وہی کرم کے لچھن۔
ہر جگہ مقدر ساتھ ہے۔
جا بدھ راکھے رام تا بدھ رہیے۔
تقدیر پر شاکر رہنا۔
جا کا رکن مونڈ موڈیو سو ہی دکھ
آگے آیو۔ جس خطرسے بچنے کے لیے تدبیر
کیا وہی پھر سامنے آیا۔
جا کو راکھے سائیان مار سکے نہ کوئے
خدا نگہبان ہے تو کوئی ضرر نہین پہونچا سکتا
جانین نہ بوجھین کٹھوتا لیکر جوجھین۔
بیجا و بے بنیاد مناقشہ و لڑائی۔
جب آوے برسن کا جاؤ پچھواگنے
نہ پروا باؤ۔ جب حق تعالی برساتا ہے
تو پچھوا پروا کچھ نہین دیکھتا ہے۔

جب باوا مرینگے تب بیل بٹینگے۔ امید
موہوم پر عہد و پیمان۔
جب سے جمے بال تب سے یہی حوال
ہمیشہ سے یہی حال دیکھا ہے۔
جمجان چاہے نرک مین جائے چاہے
سرگ مین مجھے دہی پوری سے کام
کوئی نے یا بگڑے اپنے منافع سے کام ہے۔
جس بات نہ چلنا اسکا پوچھنا کیا جس بات
سے کچھ غرض نہو اسکا پوچھنا عبث ہے۔

جس دیس مین رہیو واہو کی سی کہیو
اونٹ بلیارے گئی تو ہانجی ہانجی کہیو
جس مین رہے انھین کی سی کہے۔ خوشامد
اور تائید کلام۔
جس کا باپ اس کا باپ۔ گنہگار کو
خوف ہونا چاہیے۔
جس کا جن اس کا پن۔ جو صرف کرے
اسی کا نام ہو۔
جس کے چار بھیا مارین دھول جھین
لین روپیا۔ چار آدمی ملکر جس کو چاہین
لوٹ لین۔ جماعت کی کرامت ہے۔
جس کی بندری وہی نچائے۔ جس
کا جو کام وہی کرے۔
جس کی پھٹی نہ ہو لوائی وہ کیا

جانے پیر پرائی۔ مصیبت کا مزا مصیبت زدہ ہی جانتا ہے۔ قدر عافیت کسے دانم کہ بہ مصیبتے گرفتار آید۔

جنھین نہ سوجھے پیر کا روضہ وہ بھی ہاتھ پکڑ کر چلین سیر و تماشا۔ انتہائی مرتبہ کا شوق۔

جن جائے انھین لجائے۔ ناخلف اولاد سے والدین کو ذلت۔

جنم کے اندھے نام نین سکھ۔ جنم کے دکھیا نام چین سکھ۔ لیاقت کے خلاف مشہور ہونا۔

جورو چکنی سیان منود۔ باطن مین خوشحال ظاہر مین کنگال۔

جورو نہ جاتا اللہ سیان سے ناتا بھنگ بھرور رہنا۔

جورو کو آدمی امان کہنے لگتا ہے۔ یعنے جب انسان سخت رنج و مصیبت مین مبتلا ہوجاتا ہے تو پھر سوجھائی نہین دیتا۔

جون جون بھگیے کامری تون تون بھاری ہوے۔ جس قدر سن زیادہ ہوتا ہے متانت زیادہ ہوتی ہے۔

جو میرے جی مین سو باھن کی پوتھی مین۔ حسب دلخواہ مشورہ۔

جو میرے سو راجہ کے نہین۔ اپنی کم حیثیت پر اترانا۔

جو نچا بیونتا ہین سو اونچا بیونتا وین جو سوگ کرنے والے ہون اب نہ کرین۔

جہان چار برتن ہونگے وہان کھڑکینگے بھرے گھر مین نزاع لفظی ہو ہی جاتی ہے

جہان مرغا نہین ہوتا وہان کیا سویرا نہین ہوتا۔ کوئی کام کسی کے بغیر بند نہین رہتا

جہا ٹوٹن کے اکھیڑے کہین مردہ ہلکا ہوتا ہے۔ قلیل مصارف کی تخفیف عظیم مصارف کے بار کو کم نہین کر سکتی۔

جہان سینک نہ جائے وہان موسل گھسیڑنا۔ بے انتہا جھوٹ بولنا۔

جہان روکھ نہین وہان رنڑ روکھ سہی

جہان کچھ نہو وہان ذلیل سے ذلیل چیز بھی غنیمت ہے۔

جیسا دُدھ ویسی بُدھ۔ بچے مین ماں کا اثر لابدی ہوتا ہے۔

جیسا دے ویسا پاوے پوت بھتار کے آگے آوے۔ بدی کا نتیجہ بدی ہے۔

جیسے بھرشٹ دیو ویسی نکشٹا پوجا فرومایہ کے ساتھ حقارت آمیز برتاؤ کرنا چاہیئے

جیسے تھے گھر کے ویسے آئے ڈولی چڑھ کے۔ جیسے اپنے تھے ویسے ہی بیگانے نکلے۔

جیسے کو تیسا ملا سُن لے راجہ بھیل لوہے کو دیمک کھا گئی لڑکے کو لے گئی چیل۔ ہر فرعونے را موسیٰ۔

جیسی سیوا کرے ویسا میوہ کھائے

جیسی خدمت کرے ویسی غلت پائے

جیسے ناگ ناتھ ویسے سانپ ناتھ

سگ زرد برادر شغال جیسے خود ویسا ہی ساتھی

جیسے کنتا گھر رہے ویسے رہے بدیس نکما آدمی گھر باہر یکساں ہے۔

جیت نہیون کو را۔ مرے اٹھیون چورا۔ زندگی مین تکلیف دینا مرجانے پر اُس کا ذکر نا اور محبت جتانا۔

جیسے ہر گئو گائیے ویسے پھل پائیے جیسا کام ویسا نتیجہ۔

## چ

چاکر سے کو کر بھلا جو سووے اپنی نیند۔ فرمانبرداری بُری چیز ہے۔

چاکر کے چوکر چوکر کے پیشکار۔ محکوم کا اپنے محکوم سے تعمیل کرانا۔

چاکری مین آکھری کیا۔ نوکری مین سستی نہ کرنا چاہیے مستعدی لازم ہے۔

چاہے اودھر سے ناک پکڑو چاہے اُدھر سے۔ بات ایک ہی ہے ہر طرح سادی ہے

چٹنی اور دودھ۔ عمدہ اور سستی چیز چاہنا۔

چلّو بھر پانی مین ڈوب مرو۔ یعنی کچھ تو شرم و غیرت کرو۔

چپراسی جتنی کوٹھری اور مال محلہ دار۔ کم ظرف تھوڑی پونجی پر اترانے والا۔

چربی چھائی آنکھن مین تو ناچے لاگی آنگن مین۔ تھوڑی دولت ہاتھ آجانے پر اتنا اترا گئے کہ اپنے جامے باہر ہوئے

چرسیا یار کسکا دم لگایا کھسکا۔ نشہ باز آدمی صرف نشہ کی طمع سے ساتھ دیتا ہے ورنہ وہ رفاقت نہین کرتا۔

چرندم خور ندم کر جانا۔ خورد برد کر جانا کھا جانا۔

چڑیمار کا ٹولہ بھانت بھانت کا جنور بولا۔ اپنے اپنے خیال اور اپنی اپنی لیاقت کے موافق مختلف آدمیون کا باتین کرنا۔

چکلس ہونا۔ تھوڑی سی جگہ پر بہت آدمیون کا مجمع ہونا۔

چکنے گھڑے ہین۔ بیغیرت ہین۔
چکنے مُنھ کو سب چومتے ہین۔ اچھے کی سب مدارات کرتے ہین۔
چلتے بیل کی گاڑین اُنگلی کرتے ہین بڑے شریر ہین۔ اچھے خاصے چلتے ہوے کام مین اڑنگا لگاتے ہین۔
چلتے چور لنگوٹی لابھ۔ اتفاقیہ فائدہ بہت سا نقصان ہونے پر جو کچھ ملجائے غنیمت ہے۔
چلوؤن کی خاطر کتھری نہین چھوڑی جاتی۔ غیر کے لیے اپنون سے نہین بگاڑی جاتی۔
چل نہ سکون میرا کو دن نام طاقت سے زیادہ حوصلہ۔
چڑی جائے دڑی نہ جائے۔ بخل کرکے تکلیف گوارا کرنا۔
چرسونج مین پڑے۔ مشکل مین مبتلا ہونا۔
چمڑے کا جہاز چلتا ہے۔ زناکاری کا پیشہ ہوتا ہے۔
چوبے مرین تو بندر ہون بندر مرین تو چوبے ہون۔ یعنے یہ دونون اپنا دھن متھرا بندا بن نہین چھوڑتے۔
چوچیون مین ہاڑ ٹوٹتے ہین۔ اُمید سے ہوم کا بھروسا کرتے ہین۔

چور چوری گیا تو کیا ہیرا پھیری سے بھی گیا۔ بُرے کام کی عادت ترک کرنے کے بعد بھی کچھ باقی رہتی ہے۔
چونی کہے مجھے گھی سے کھاؤ۔ فرومایہ کا شرفا سا برتاؤ چاہنا۔
چھوٹا گھر بڑا سمدھیانہ۔ اُس سے سابقہ جو اپنے سے زیادہ حیثیت رکھتا ہو۔
چھینکتے گئے چھینکتے آئے۔ بدشگونی کا نتیجہ نیک نہین ہوتا۔
چھینکتے ہی ناک کٹی۔ ابتدا ہی بگڑ گئی
چھلنی مین دودھ دوہے کرم کو دوس دیدہ و دانستہ سوء تدبیر کرکے تقدیر کو بُرا کہنا
چھپے رستم ہین۔ بڑے حضرت ہین اِنکے ہنر پوشیدہ ہین طنزیہ کلمہ
چھری بند بھائی۔ قصابون سے مراد ہے
چیان سی گانٹر پاتھی کا بیجانہ۔ ادنیٰ شخص ہوکر اعلیٰ کامون کا حوصلہ کرنا۔
چیرے چار بکھیرے پانچ۔ نہایت فربہ اندام شخص

## ح

حجرا بھی حجرا ہے۔ تنہائی بھی عزت بھی حرام کھانا اور سلغم۔ تھوڑے نفع پر ایمان کھونا

حیفی بچہ ہے۔ بڑا ہی بزدات اور شریر ہے

## خ

خاکی انڈا ہے۔ اصل بے بنیاد دیفے نسب کا کمتر ہے۔ حرامی ہے۔ مان باپ کا پتا نہین ہے۔

خربوزہ چاہے دھوپ کو آم چاہے نیہو۔ ناری چاہے زور کو بالک چاہے تنیہ۔ ہر شے اور ہر شخص اپنی مرغوب چیز کا طالب ہے۔

خسم کیا بُرا کیا کر کے چھوڑ دیا اور بُرا کیا۔ عیب ہر حال مین مذموم ہے۔

خوان بڑا خوان پوش بڑا کھول کے دیکھو تو آدھا بڑا۔ ظاہر مین بہت کچھ آراستہ باطن مین کچھ نہین۔

خوشامد سے آمد ہے۔ خوشامد سے فائدہ ہوتا ہے۔

## د

دادا نے پُن کیا پوتون نے گانڑ مرائی ناخلف اولاد سے خاندان کی بدنامی۔

دائی مٹھ دادا مٹھ سرگ کو جائے ہر طرح فائدہ کی خواہش نقصان سے خدر

دکھن گئے نہ باہوڑ سے رہے چندیری پھانو۔ دکھن جا کر پھر کوئی نہین پھرتا دہین کا ہو رہتا ہے۔

دلی کی بیٹی متھرا کی گائے۔ کرم پھوٹے تو باہر جائے۔ دلی متھرا گوکل والے بیٹی اور گائے کو دمن سے جدا نہین کرتے

دن ڈھلا مزدور سٹا۔ جہان چھٹی کا وقت آیا اور نوکر کھسکا۔

دودھ سے مکھی نکال کر پھینک دینا تعلق شکست کر دیا۔ خارج کر دیا۔

دو بر مہراڑو کو بُر بھارو۔ لاغو آدمی محنت نہین کر سکتا۔

دولھا نے دولھن پائی شہالے نے گانڑ مرائی۔ دو زمیقون مین صرف ایک کا فائدہ ہوتا ہے۔

دھوبی کا چھیلا ایک اُجلا ایک میلا۔ بد وضع دو رنگا شخص

دھپیانا۔ چپتین لگانا۔

دھاؤ دھاؤ کرم لکھا سو ہی پاؤ لاکھ تدبیر کرو تقدیر سے زیادہ نہین ملتا

دھول دھپا کرنا۔ ہاتھ پیر کی دنگی کرنا۔ چپت بازی کرنا۔

دیوار کھوئی آلون نے گھر ڈبویا سالون

نے۔ دیوار مین طاقون کی کثرت گھر
مین سالون کی مداخلت مضر ہے۔
دیکھنے مین ننھی کھاجاوے دھنی
صفر سن مگر تکلیفون کا شمل۔

## ڈ

ڈائن کھائے تو منھ لال نہ کھائے تو منھ
لال۔ بدنام آدمی بے سبب بھی بدنام ہوتا ہے
ڈنڈا سی پوچھ بڈھا نہ کا رستا کمال
بے سامانی پر سفر کرنا۔
ڈنڈنا اچھا ہنڈنا برا۔ ہر جگہ کی
سکونت ایک جگہ نقصان اٹھانا اچھا۔
ڈول پر کا دانہ۔ بے وقت کی چیز۔
ڈیل ڈول دگنبد آواز درپس۔
جسامت اتنی بڑی جرأت کچھ نہین موٹا
پیس آدمی۔

## ذ

ذات پات پوچھ نہ کوئے جوہر کو بھجے
سو ہر کا ہوے۔ خدا شناسی ریاضت
پر منحصر ہے ذات پر موقوف نہین۔
ذرا چھری تلے دم لے۔ کچھ ٹھہر
جلدی مت کر۔

## ر

رانڈ کا رونا بازار کا سودا کس نے
سنا۔ ان دونون کی دادرسی نہین ہوتی۔
رات بھر گایا بجایا سویرے بھیا کے
تو تو نہین۔ کسی کام کا قریب الاختتام
ہونے پر بے نتیجہ ثابت ہونا۔
راجہ نل پر بپتا پڑی بھونی مچھلی
جل مین گری۔ بنے ہوئے کام کا بدقسمتی
سے بگڑ جانا۔
راج کا راج مین ناج کا ناج مین
بیاج کا بیاج مین سماج کا سماج مین
اپنے اپنے محل پر ہر ایک بات۔
راجہ راج پر جا سکھی۔ بادشاہ کی
یا ان سلطنت مین رعایا کو راحت ہوتی ہے
یا کھپت رکھا پت دوسرے کی عزت
کروگے تو وہ تمہاری بھی عزت کرے گا۔
راہ چھوڑ کر اد چلے تر ت دھوکا کھائے
کو راہ چلنے والا ہمیشہ نقصان اٹھاتا ہے
راجہ روٹھے گا اپنی نگری لے گا۔
رانی روٹھین گی اپنا سہاگ لینگی۔
بادشاہ ناراض ہوگا شہر بدر کردیگا۔ رانی
روٹھین گی تو اپنے خاوند کی ہو رہینگی۔
رام رام جپنا پرایا مال اپنا۔ مال

| | |
|---|---|
| حرام کھانا مفت خوری۔ | کھانسی باعث امراض اور زندگی موجب فساد ہوتی ہے۔ |
| رانڈ سانڈ بھانڈ بگڑے بُرے۔ ان سب کا موافق رکھنا مصلحت ہے۔ | روٹی نہ کپڑا اِسنت مِنت کا بھترا |
| رانڈ سانڈ سیڑھی سنیاسی ان سے بچے تو سیوے کاشی۔ رانڈ سانڈ بلند سیڑھی اور سنیاسون کا خوف زیادہ ہوتا ہے یہ سب آدمی کو بہت ستاتے ہین۔ | مفت مفت کا قبضہ و اختیار جانا۔ |
| رانڈی کے گھر مانڈی عاشقون کے گھر کڑاکا۔ بازاری طوائف کے گھر تو حلوا مانڈی پکے اور عاشقون یعنے تماش بینون کے گھر فاقہ ہوے۔ | روزی کو روتے ہین کھڑے ہو کر مُردے کو بیٹھکر۔ بیکاری بہت بُری چیز ہے۔ |
| رن کی فکر نہ دہن کی چوٹ یہ دھم دھوسر کا ہے موٹے بے فکر تو نا آدمی رنگا سیار ہے۔ جو شخص بلا ہر نیک کے اور باطن مین بد کردار ہو۔ | رہوا مہوا کھیت ترائی ان کے مدعوا و دھار نہ کھائی۔ غلام مہوا ترائی کا کھیت بھروسے کے لایق۔ نہین۔ |
| رنگا کے آنا خصوصیت مآب ہونا۔ | **ز** |
| روپیہ پرکھین بار بار آدمی پرکھین ایک بار۔ انسان کو ایک دفعہ پرکھنا کافی ہوتا ہے اور روپیہ کو بار بار۔ | زبردست کی جورو سب کی دادی غریب کی جورو سب کی بھابھی۔ زبردست کا حمایتی بھی زبردست ہوتا ہے اور غریب کا حمایتی کمزور و کم قدر۔ |
| روئی کے دھوکے کپاس نہ کھل جانا۔ آسان کے دھوکے مین کٹھن مشکل مین نہ پڑ جاؤ۔ | زنخہ۔ وہ مرد جو عورتون کا روپ اور نزاکت عمل مین لاوے |
| روگ کا گھر کھانسی لڑائی کا گھر ہانسی | **س** |
| | سانپ کا بچہ سینپولیا۔ موذی کا بچہ موذی |

ہی ہوتا ہے۔
سارا گانوں جل گیا کالی سیگھا پانی دے۔ سرتاپا برباد ہو جانے پر بھی اقبال کی تمنا باقی ہے۔
ساس بیٹوہ مین فلان غائب اپنون ہی مین کوئی چیز گم ہو جانا۔
ساگ کھائے اوجھ بڑھے ماس کھائے ماس۔ گوشت سب غذاؤن مین نہایت مقوی غذا ہے۔
سانبھر جائے انونا کھائے۔ نفع کی جگہ رہکر بھی نفع نہ حاصل کرے۔
سانپن کی سبھا مین جیبھن کی لیا لپ۔ موذی جہان بیٹھتے ہین ایذا رسانی ہی اونکو سوجھتی ہے۔
سب سے ہلئے سب سے ملیے سب سے لیجیے چاؤ۔ جی ہان جی ہان سب کی کریے نسیے اپنے گانو۔ سب کی سن لینا چاہیے اور کرنا وہی چاہیے جو اپنے من مین آئے اور اپنے فائدے کی ہو۔
سب کے داتا رام۔ سب کا رازق خدا ہی
سدا کی پرنی اورون کو دوس۔ اپنی بڑتیری کا معترف نہونا اور غدر لنگ کرنا۔
سر سجدے مین گاڑو فاباذی مین۔

یار سائی کے جامے مین مکر۔
سرگ سے اترا بھول مین اٹکا۔ ایک جگہ سے کام اجرا ہو کر دوسری جگہ الیسٹیہ ہوئی
سکھ رانی پینا نہین کھائینگی۔ ناخوشی کی بات بخوشی گوارا نہین ہوتی۔
سکھ سنپت کا سب کوئی ساتھی۔ راحت مین سب کوئی ساتھ دیتے ہین۔
سنکا ڈاین منسا بھوت۔ وہم سے خوف پیدا ہوتا ہے۔
سنگ یکمگنت الیلا بھلے برے ساتھی سے تنہائی اچھی
سوپ کا آلار اسوپ مین نہین رہتا
کوئی شخص ہمیشہ ناخم اور نابالغ نہین رہتا ہے۔ رفتہ رفتہ سمجھ آہی جاتی ہے۔
سو کی ہانی سہسر کی لکھائی جتنا نقصان ہو اس سے وہ چند بیان کرنا۔
سونے کا گڑوا پیتل کا پینیا۔ بے جوڑ بات بے تکی وضع۔
سو لگ گنتی پاون لگ منتی۔ سو تک گنتی کی انتہا اور پانون پر گرنے پر خوشامد کی انتہا ہو جاتی ہے۔
سولہ سنگار بارہ ابھوشن۔ عورت کا ہر سفت کرنا۔

سیل ہی سیل گا بھن ہو گئین۔ موت ہی موت مین کارنا جائز کرالیا۔
سینٹھا سنگی سے درست ہونا۔ سازو سامان درست ہونا۔

## ش

شان بڑی جیونیکے ناہین۔ بدسلیقگی مین شان دکھانا۔
شحنہ چھپا پیال مین کوکیکے بیری ہوے در پردہ افشائے راز کرنا۔
شرع مین شرم کیا۔ جائو صل مین غرم کیسی۔ شکار کے وقت کتیا ہگا سی۔ کام کے وقت حیلہ سازی اور سبلوتی کرنا۔
شیخی اور تین کانے۔ بیجا شیخی اور کجہ بھی نہین

## ص

صدر جہان کے بدر جہان چھوڑ جہانی جائین کہان۔ وطن ہی مین رہنا اور مصیبت و پریشانی جھیلنا لیکن باہر جانے سے گریز کرنا۔
صورت ویلیون کی فلان قصائیونکا

ظاہر کے نیک اور باطن کے بد۔

## غ

غریب کی جورو سب کی بھابھی زبردست کی جورو سب کی دادی۔ غریب کا ساتھ بھی غریب و کمزور اور زبردست کا ساتھ بھی زبردست ہوتا ہے۔
غریب کی جورو عمدہ خانم نام مفلسی مین نام سے عزت نہین بڑھتی۔
غیر کی بدگمانی کو اپنی ناک کاٹی کسی کا برا منانے کو اپنا نقصان کیا۔

## ف

فاتحہ نہ درود مرگئے مردود۔ کسی فعل کا عبث ضایع ہونا۔
فضل کرے تو چھٹیان عدل کرے تو لٹیان۔ اگر خدا تعالی کا فضل ہو تو بیڑا پار ہے ورنہ انسان تو ہر طرح سے گنہگار رہے۔
فقیری کا پوت چلن احدیون کا غریب ہو کر مزاج امیرانہ نہ محنت نہ مزدوری

نذر کیسے ہو۔
فقط تعویذ سے کام نہین نکلتا کرکا
بھی زور چاہیے۔ ہر کام کے لیے تعویذ
تدبیر کے ساتھ ہمت بھی درکار ہے۔

## ق

قاضی جی اپنا آگا توڈ ہانکو پیچھے کسی
کو بُرا کہنا۔ لوگون کے تعلیم کرنے سے پہلے
اپنے عادات واخلاق کی اصلاح مقدم ہے
قاضی نیاؤ نہ کریگا تو گھر کو تو آنے
دے گا۔ یعنے اگر انصاف نہ کرے گا تو
قید بھی نہ کرے گا۔
قاضی کی نونڈی مری سارا شہر آیا
قاضی جی مرے کوئی نہین آیا حکومت
کا خوف بہت ہوتا ہے۔
قصائی کی گھاس کڑا کھا جائے۔
یعنے کیا مقدور جو ہمارا نقصان ہو۔
قصائی کی بیٹی دس برس کی بٹیا بھی
ہے۔ زبردست کا ہر کام حلال نکلتا ہے۔

## ک

کانا ٹوٹا بدھو نفر۔ بے سروسامانی
کا طنزیہ کلمہ۔
کانون مین سرکرنا ون گا۔ بچون کو
خوف دلانے کا کلمہ۔
کام کو نہین کھانے کو ہون۔ کام
چورنوالے حاضر جو کام کے وقت تو انکار
کرے اور کھانے وقت موجود۔
کالا ہرن مت مار سانڈ اکوترے
ہو جائے گی رانڈ۔ جس کی ذات سے
نفع عام جاری ہو اُس کی محافظت
مقدم ہے۔
کال نہ چھوڑے کوئے گدا ہو یا راجہ
ہوئے۔ موت سب کے لیے ہے امیر
ہو کہ غریب۔
کالے بادل ڈراؤنے دھولے برسنہار
بہت باتین بنانے والا آدمی کام کم کرتا ہے
کاتنا نہین آیا پونیان باٹنی تو
آگئین۔ بڑا کام نہین آیا چھوٹا تو آگیا
کاٹھ کی ہانڈی چڑھے نہ دوجے بار
دغا بازی اور فریب ایک دفعہ چل جاتا ہے
کانٹا بڑا کریل کا اور بڑی کا نکھم
سوگن ہے بڑی چون کی اور ساجھے
کا کام۔ کریل کا کانٹا اور بدلی کے

دھوپ برائے نام اور سوت اور ساجھے کا کام یہ سب بُرے ہوتے ہین۔

کایا بڑی کہ مایا۔ جان کو مال پر فوق ہی

کایا راکھے دھرم رہے دھرم راکھے کایا۔ صحت جسمانی اور دنیداری دونون لازم و ملزوم ہین۔

کاتک کُتیا ماہ بلائی۔ چیت چڑی بیساکھ لگائی۔ کُتیا کو کاتک مین اور بلی کو ماہ مین اور چڑیون کو چیت مین اور عورتون کو بیساکھ مین شہوت کا جوش ہوتا ہے۔

کُتے کی دُم لاکھ سیدھی کرو ٹیڑھی ہی رہتی ہے۔ خلقی عادت نہین جاتی۔

کچھ سونے کھوٹ کچھ سُنارے کھوٹ دونون جانب سے تھوڑی تھوڑی شرارت ہے

کرسیوا تو کھا میوہ۔ خدمت سے راحت ہی

کرم کی ریکھا امٹ ہے۔ نوشتۂ تقدیر نہین مٹ سکتا ہے۔

کرگہ چھوڑ تماشے جائے ناحق چوٹے

جولاہا کھائے۔ اپنا کاروبار چھوڑ کر اور کام مین دخل درمعقولات دے کر نقصان اُٹھانا۔

کرم ریکھا امٹ ہے۔ تقدیر کا لکھا کسی طرح مٹ نہین سکتا ہے۔

کسالا سے مسالا۔ محنت سے سب کچھ ملتا ہے

کس نمی پرسد کہ بھیا کون ہو۔ پورہو یا آدھ ہو یا پون ہو۔ کس پرسی کا عالم

کسی کو بگن بیاے کسی کو کونج۔ مال مفت کسی کو ہضم ہو جاتا ہی کسی کو نہین

کل کے جوگی گانڑ مین جٹا۔ کمسنی مین پیرسالی کا دعوی۔

کمبخت کا بیٹا لہو موتے اور بھاگوان کا گھوڑا آدمی کے لیے لہو موتنا مضر ہے اور گھوڑے کے لیے نہایت نافع ہے۔

کمانی نہ بھیا گاڑی جوت سیر بھیا

بے سروسامانی مین فخر۔

کوبڑی اپنے بیر کھٹے نہین بتاتی۔ کوئی اپنی چیز کو بُرا نہین کہتا۔

کھاؤ تو کدو سے نہ کھاؤ تو کدو سے۔

یعنے کھاؤ یا نہ کھاؤ کوئی غرض نہین ہے کھانے کو موا پہننے کو اسوا۔ مفلسی مین ظاہری نمود۔

کھائی بھلی کہ مائی۔ ماں کی محبت نہین بلکہ اُسکے ناز و نعم کی محبت ہوتی ہے۔

کھری کھیا داڑھی جار بیج کہنے والے کو لوگ بُرا کہا کرتے ہین۔

کھڑا کھیل فرخ آبادی - تُرت پُھرت معاملہ کرنا اچھا ہوتا ہے اہتمام اور انتظار بڑا معلوم ہوتا ہے۔

کھڑا ... بادشاہ کے برابر شہت کی جوش مین نیک بد کچھ نہین سوجھتا۔

کھیت کھائے چڑی تول کے سر پڑے نقصان کون کرے خسارہ کون سہے۔

کھاد پڑے تو کھیت نہین تو ریت کا ریت - جو کام کر خوب غور سے کر نہین تو بیکار رہے۔

کھانے پر کھایا آخر سب کچھ وایا زیادہ حرص مین سب جاتا رہتا ہے۔

کیون اندھا تو تے جو دو مجے آوین کیون ایسا کام کرے جسمین بالائی نرخ پڑے

## گ

گال کا ہارے مال کا جیتے - روپیہ کے سامنے زبان درازی کچھ پیش نہین جاتی

گانٹھ جدی گھر ساجھلا کنبہ بارہ باٹ ہر ایک کی کمائی جدا جدا بہتر شرکت کا کام خراب واتیر

گائے کا بھینس تلے کھنیس کا گائے تلے کرتا ہے - عجب جوڑ توڑ دغا فریب سے گزران کرتا ہے۔

گانون کا جوگی جوگنا ان گانون کا سدھ - وطن مین آدمی کی قدر نہین ہوئی انہون کی نسبت غیرون قدر زیادہ ہوتی ہے۔

گاجر کی پونگی بجی بجی نہین تو توڑ کھانی تدبیر راست ہوئی تو فبہا ورنہ ارمان نکل گیا

گانڈو - زنخہ - بزدل۔

گانڑ گردن کی خبر نہ ہونا - نہایت غافل ہونا - چرکین ؎

گانڑ گردن کی رہے گی کچھ نہ حیرت سے خبر سامنے گر تیغ کے وہ جلوہ گر ہو جائے گا

گانڑ مین انگلی کرنا - دق کرنا پریشان کرنا - ستانا - چرکین - ؎

آپکے کو گانڑ مین کر دے جو تیغ کے انگلی یہ شوخیان تجھے اے جان جان نہین معلوم

گانڑ سنگوٹی فتح خان - مفلسی مین قنجی -

گانڑ مین گُز نہین کوے مہمان مفلسی مین فراخ حوصلگی کے دعوے -

گانڑ پھٹ جانا مگر چوتڑ نہ ہٹے - کچھ بھی ہو مستقل مزاجی مین فرق نہ آئے

گانڈو ہاتھی اپنی فوج کو مارے بزدل

آدمی اپنون سے دغا کرے۔
کانٹھ گرہ کوڑی نہین گنٹھ والے ہوتے
مفلسی مین ظاہری نمود۔
کانون اور کاناؤن اور کا۔ بیگانی چیز
سے اپنی خصرت۔
گدھے کا کھایا باپ کا نہ پن کا نا لاتون
پر احسان کرنا اکارت جاتا ہے۔
گدھے کو گلقند یا خشکہ۔ ادنی آدمی کو
اعلی چیز کی کیا قدر۔
گگری دانہ سو داوتا نا۔ پیٹ بھر کھانا
ملنے سے غرور ہو جانا۔
گنوار کا بانسا توڑ دے ہانا۔
گنوار کی ہتیلی بھی بیلی توڑ دیتی ہے۔
گود کا چھوڑ پیٹ کی آس۔ حال کے
فائدہ کو چھوڑ کر آئندہ کی امید کرنا۔
گوشت کھائے گوخت بڑھے گھی
کھائے بل ہوئے۔ ساگ کھائے
اوجب بڑھے تو بل کا ہے سے ہوئے
حتی الوسع غذا مرغن کھانا چاہیئے تاکہ طاقت
گونگے نے سپنا دیکھا من ہی من
پچھتائے۔ اظہار سخن کی جرأت نہونا۔
گھر کی مُرغی باسی ساگ کسی کو اظہار
تحقیر کے لیے یہ کلمہ غصہ مین کہتے ہین یعنی محض

لاف زنی اور کچھ نہین۔
گھر والے کا ایک گھر نکھرے کے سو گھر
خانہ بدوش آدمی جہان ٹیڑہا دہین گھرے
گھوڑے کی دم اگر بڑھے گی تو اپنی
مکھیان اڑائے گا۔ ہر ایک کو اپنا
مطلب ملحوظ ہوتا ہے۔
گھر آئے پیر نہ پوجے باہر پوجن جا۔
قابو کے وقت کام نہ کرے بعد کو تدبیر
کرتا پھرے۔
گھر رہے نہ تیرتھ گئے مونڈ منڈا کر
جوگی بھئے۔ گھر مین بیٹھے بیٹھے تجربہ کاری
کا دعوے۔
گھر کا پرسیا اندھیری رات۔ اپنون
کی مدارات اپنون مین۔
گھر گھر ایک ہی لیکھا۔ سب کا
حال یکسان ہے۔
گھر مین نہین دانے امان چلین
بھنانے۔ ظاہری نمائش۔
گہنا کپوت نوسادھ۔ اپنی اصلیت
کے موافق ہونا۔
گہنہ نہین چھپی چھپی۔ جس شے سے نفرت
ہو اُسکو دوسرے نام سے گوارا کر لینا۔
گیارہ ہوڈنڈا ایکادشی۔ فاقہ کرنے

روزے کا بہانہ۔
گیا وہ برہمن کھائی کھٹائی۔ گئی وہ رانڑ
جن کھائی مٹھائی۔ مرد کو کھٹائی کا لپکا
ضعیف و سست کر دیتا ہے۔ اور عورت
کو مٹھائی کا چسکا خراب و آوارہ کرتا ہے۔
گئے تھے ہرجنے اوڑھن لاگے کپاس۔
گئے تھے اور کام کو معروف ہو گئے اور کام میں
گئے کناگت ٹوٹی آس باہمن رووین
چولھے پاس۔ کناگت میں برہمنون
کے خوب گھرے ہوتے ہیں انکے جانے
پر روئین نہین تو کیا کرین۔
گیدڑ اوردن کو سون بتائے آپ
کتون سے پھڑوائے۔ جب اپنی خبر
نہین تو اوردن کی کیا ہوگی۔

## ل

لاجہ بنا نہین ہرکے۔ خدا پرستی بھی
کسی طمع سے ہوتی ہے۔ منفعت خدا
کی دین پر منحصر ہے۔
لالہ کے نوکر ہین بھائی کے نوکر نہین
آقا کے کلام کی تائید اور فرمانبرداری مقدم ہے
لاگ ہوئی تو لاج کہان۔ دشمنی

مین شرم دھیا کیسی۔
لاٹھی ٹوٹے نہ باسن پھوٹے۔ کام اس
طرح کرنا چاہیے کہ کام ہو جائے اور کسی طرح
کا نقصان نہو۔
لاڈی نہ مورا کیا لیگا نیوتا چورا۔ گھر
مین جب کچھ ہے ہی نہین تو چور سسرا
کیا لے گا۔
لاچاری پربت سے بھاری مجبوری
بڑی چیز ہے۔
لچھمی بن آدر کون کرے۔ گھر مین
عورت ہی نہین تو خاطر مدارات کون کرے
لکڑی کے بل بندر یا ناچے۔ حکومت
و سیاست سے کام نکالنا۔
لگ بھگ ہونا۔ قریب قریب ہونا۔

## م

ماٹ کا مارا بگڑا ہے۔ گھر بھر کی عقل
ماری گئی ہے۔
مانگے تانگے ٹکڑے بازار مین ڈکار۔
دوسرون کی امداد پر اظہار خفی۔
مانگے تانگے کام چلے تو بیاہ کرے
پنیار۔ جب مانگے تانگے کام نکل جائے

تو پھر کیون اپنے سر کھیڑا ہے۔
مایا تیرے تین نام۔ پرسا پرسو۔ پرسرام۔ دولت سے خواہ مخواہ آدمی کا مرتبہ بڑھجاتا اور نام اچھا ہوجاتا ہے۔
اگھ پوس کی باوری اور کنوار کا گھام۔ ان سب کو جھیل کر کرے پرایا کام۔ نوکری کرے گرمی سردی برسات سب جھیلنا پڑتا ہے۔
مان کہے میرا ہوا بڑیرا۔ عمر کہے مین آئی نیڑا۔ مان بچے کے جوان ہونے سے خوش ہوتی ہے اور اُس کی موت قریب آتی جاتی ہے۔
مان بیٹی مین فلان غائب۔ نیون ہی مین کوئی چیز گم ہوجاتا۔
مایا مونجھ کریجے بالے دھرا دھرایا سگر ہرے بالے۔ صرف زبانی اظہار محبت کرنا سلوک کچھ نہ کرنا۔
مت کرو ار جو بھگتے کار۔ جب تک آسانی سے کام نکلے سختی نہ کرنا چاہیے۔
مکھی مار بڑا چمار۔ غریبون کو ستانے والا بہت برا۔
مگھا کے پرسے تتا کے پرتے۔ مگھا زمین کو مان فرزند کو آسودہ کرتی ہے۔

من سانچا تو سب سانچا۔ دل کی سچائی چاہیے پھر سب کچھ بیچ ہی زبان سے نکلے گا۔
مَن ملے کا میلا چت ملے کا چیلا۔ ملے کی دوستی۔ مرید کی خوب ہوتی ہے۔
منھ پر کہے سو مونچھ کا بال اور پیچھے کہے تو جھاڑ کا بال۔ منھ پر سچی بات کہنے والا مرد ہے۔
منگنو بھلو نہ باپ سے جو الیشر راکھے ٹھیک۔ اگر خدا تعالیٰ نباہ دے تو باپ سے بھی کچھ طالب نہونا چاہیے۔
منش کی پہچان کو معاملہ کسوٹی ہے۔ معاملہ پڑے سے انسان کا حال کھلجاتا ہے
من چنگا کٹھوتی مین گنگا۔ ہر شخص اپنے آرام کا طالب ہے دوسرے کے دکھ مصیبت کی کیا پروا۔
موزے کا گھاؤ سیان جانے یا پانو اپنی مصیبت ہر شخص خود ہی سمجھ سکتا ہے
مونگ موٹھ مین چھوٹا بڑا کون برادری مین سب برابر ہین۔
میرے من کچھ اور ہے کرتا کے من کچھ اور۔ اودھو کہیں ماد ھوہے کہ جھوٹی من کی دور۔ آدمی کسی خیال مین ہوتا ہے اور تقدیر کچھ اور ہی کرشمہ

دکھاتی ہے سن درجہ خیا یہ وفلک چیا
میل میں جھمیلی ہوا ہی کرتا ہے۔ کثرت
ہجوم میں تکرار ہو ہی جاتی ہے۔

# ن

ناج نہ جانون آنگن ٹیڑھا۔ اپنی
کم شقی اور بد سلیقگی کو حیلتا چھپانا۔
ناچنے نکلیں تو گھونگھٹ کیا۔ بیکام میں شرم کیسی
ناؤن گانؤن کھانؤن نت نئے۔ مختلف
مقامات یا اشخاص کے نام ہمیشہ نئی
سنتے رہتے ہیں۔
نائی دھوبی بید قصائی۔ ان کا سوگ
کبھی نا جائی۔ نائی دھوبی طبیب قصائی
یہ چاروں ہمیشہ سے کثیف طبیعت ہوتے ہیں
نادان کی دوستی بالو کی بھیت۔ نادان
کی دوستی ایسی جیسے بالو میں پیشاب کرنا
کہ نشان تک نہ رہا۔
نامرد ہاتھی اپنے لشکر کو مارتا ہے۔ کم ہمت
اپنوں ہی کا نقصان کرتا ہے۔
نت کنواں کھودنا نت پانی پینا جتنا
کمانا ویسا ہی اڑانا دنیا دو لینا۔
نٹ کھٹ ہے۔ بڑا شریر ہے

ندی ناؤ کا سنجوگ۔ اتفاقیہ ملاقات
نسیٹھ ہونا۔ بدگمان ہونا۔
نشہ پانی کرلیا۔ کھا پی چکے۔
نصیبون کے بلیا پکائی کھیر ہوگیا
ولیا۔ قسمت کی نحوست دیکھیے کیا کیا اور
کیا ہوگیا۔
نکھٹو نئی ہاٹ نہ تراز و پائی نہ باٹ کاہل
اور کام چور کبھی مقصد میں کامیاب نہیں ہوتا
نہ کندی کی جائے نہ کتا کاٹے نہ برون
سے تعلق رکھے نہ ذلت اٹھائے۔
ننگی دیکھ چداس لاگی تھے موجودہ کو
دیکھکر رغبت ہونا۔
نوکر لاڈ کپور کے ہونٹ ملین حق
لین۔ خلیق آقا کے نوکر صرف خوشامد
سے کام نکالتے ہیں۔
نو بڈھ بارہ سیدھ۔ اپنے مطلب کا
بخوبی حاصل کرنا۔
نہ دھوبی کو اور پروہن نہ گدھے کو
اور کسان۔ نہ آقا کو دوسرا نوکر میسر
آنا نہ نوکر کو دوسرا آقا نصیب ہونا۔
نہ گئے نہ راستہ چھوڑے۔ ہر طرح
سے زچ کرنا۔
نہ کتا دیکھے گا نہ بھونکے گا۔ حاسد کی

نظر سے بچتے رہنا اچھا ہے۔
نیم کی ٹہنی ہلانا۔ آشنک مین مبتلا ہونا
نیوتا با منھن بیٹی برابر۔ جس سے کچھ
دینے کا وعدہ کرکے نہ دیا جاوے تو وہ دشمن ہو
جاتا ہے۔

## و

واہ پیر ملیا پکائی کھیر ہوگیا دلیا ملا
کیا مانی تھی اور ہوا کیا۔
ولے ویلا مچانا۔ واویلا کرنا۔ فیل کرنا۔
واہ واہ گھر گھت کا بچتا نا شاہ۔ ادنی
کنگال ہوکر مالی دماغ بننا۔
وقت پڑے پر جانیے کو بیری کو میت۔
دوست دشمن کی پہچان مصیبت کے وقت
ہوتی ہے۔
وہ گھر مین اور جہان تیو ہین کلیوا
کھاتی ہین۔ بے فیض سرکار بے فیض گھر

## ہ

ہاتھی کے پانوں مین سب کا پانوں
امیرون کی دولت سے غریبون کی پرورش ہوتی ہے
ہاتھی پھرے گانوں گانوں جسکا ہاتھی

اُسکا ناؤں۔ جو ملک ہوتا ہے نام اُسی کا ہوتا
ہے چیز کہین رہے۔
ہَٹ تیری دُم مین نمدا۔ کلمۂ سرزنش۔
ہٹاؤ مکھنا لاؤ پکھنا۔ بھوک کے وقت سوکھے
کھانے دوسری شے کی رغبت نہین ہوتی۔
ہرافی جتانی کرنا۔ کٹ حجتی اور بخشا بخشی کرنا۔
ہگ مارا۔ خوفزدہ ہوگیا۔
ہلے اور آنکھین گریرے۔ ضعف کرکے الٹا دھکا۔
ہماری پلی اور ہمین سے سیاؤن۔ محسن
اور مربی سے گستاخی و بدمزاجی۔
ہندی کی چندی نکالنا۔ چھان بین کرنا۔
ہونہار بِرے بِسے بِسرائے سب صدھ۔
جیسی نسل ہوتی ہو ویسی ہی عقل بھی ہوجاتی ہے
ہوکے واہے کے بھاگ سی بھلی کہت
کیا جائے۔ کلمۂ خیر ہر ایک کے حق مین کہنا چاہئے
آگے اوس کی قسمت۔
ہوتی ہر دمتی نہیں تو رنگ گوش

## ی

یاران چوری نہ پیران دغا بازی ہر
ایک سے خوش معاملگی۔
یا غور غریبان یا رحمت جنجانہ یعنی یا تو میرے
حال کیموافق خبر گیری کرو یا جاے بیدرد رخصت کرو

قسم سوم

# خاص مصطلحات

## نشہ بازان دیشہ وران وغیرہ

### الف

#### افیون کی اصطلاحین

اُٹکنِ بلبل۔ تھوڑی سی۔ کسی قدر
جب ایک افیونی دوسرے کو افیون پلانا چاہتا ہے اور وہ انکار کرتا ہے تو براہِ اصرار کہتے ہین۔
اَفیم۔ افیون۔
اَفیمی۔ افیونی۔
اَلسی۔ چانڈو کا گل۔
بمبو۔ چانڈو پینے کی بانس کی نے۔
پوستا۔ پوست کے چھلکو کا جوش دیا ہوا پانی۔
پوستی۔ پوستا پینے والا۔
جاسو۔ پان یا تمباکو وغیرہ کی گلی جو مدک بنانے کی غرض سے افیون مین ملاتے ہین۔
جوگا۔ افیون کا فضلہ جو تمباکو کے بعد رہ جاتا ہے
جھونی کرو۔ لب آشنا کرو۔
چانڈو۔ چنڈو۔ افیون کا قوام

چنڈولیا۔ چانڈو پینے والا۔ چانڈو باز
چسکی تمباکو ہوئی افیون کا قرص ہوتا ہے
چنی بیکم } افیون کے مجتے کے نام
چنیا بیکم }
دوات۔ چانڈو پینے کی چلم۔
مدک۔ افیون کا مرکب۔
نشہ پانی۔ کل نشہ بازون کی اصطلاح ہین نشہ پینے سے مراد ہے۔

### ب

#### اعضا بدن کی اصطلاحین

اگلی ٹنگ۔ کولے کے قریب کا گوشت۔
بچی۔ بچہ گوسفند بکری کا بچہ مادہ۔
بربری۔ گوسفند دو تین سال۔ بوڑھی بکری
بکری۔ گوسفند نر۔ موٹی تازی بکری۔
پچھلی ٹنگ۔ کولے کے اوپر کا گوشت۔
پلاچہ۔ گردن۔
پھرا۔ دست۔

ترا۔ وہ بکری جس مین ایک پسیری گوشت کا اندازہ ہو۔
جھٹک۔ لاغر دکھن سال گوسفند بوڑھی بکری۔
چپراس۔ ران کے نیچے کا گوشت
حلوان۔ بکری کا بچہ جس مین دودھ ہی سیر گوشت ہو۔
راس۔ مراد تعداد بکریون و بچہ سے لیتے جو جانور ذبح کرینگے اتنی ہی راسین کہین گے۔
ساہا۔ بکری کا نر بچہ جوان۔
کاہی۔ وہ بکرا جس مین ایک پسیری گوشت کا اندازہ ہو۔ ۴ سیر کی راس
کریلی۔ پنڈلی کا گوشت۔
کڑھی۔ سینہ کی کڑی۔
کمانا۔ ذبح کرنا۔
کنی۔ گردہ
مینڈھی۔ مکر کا گوشت۔

## بیٹرون کی اصطلاحین

لبنی۔ وہ شخص جسے آمدنی خوب ہو لیکن اساک نہ رکھتا ہو۔
چپڑ قناتی۔ ذلیل تماشبین رنڈی کے ہاتھ کی مار کھانے والا۔
ٹھنا۔ روپیہ۔
ڈھمنا۔ پیسہ۔ فلوس۔
سوکھی گنتا بھونکانا۔ خالی خولی اختلاط کرنا۔
گھسنی۔ کم آمدنی کا شخص جو اساک زیادہ رکھتا ہو۔
گرد گھمّا۔ نفس تماشبین جو بار بار مرف گھور گھور کے رہ جائے۔
گنتا بھونکانا۔ بیجا اختلاط کا دعوی کرنا
گنجا۔ تماشبین۔
گھسیار۔ دہیاتی رنڈی۔ بیڑن۔
منھ مین گھسنا۔ منھ مین مونہ ذلیل و خفیف کرنا۔

## پ

## پالی کی اصطلاحین

بھگا۔ جو بیٹر لڑنے سے جی چرا دے۔
بڑھ جانا مرغ یا بیٹر کا اپنے مقابل سے زبردست رہنا اور اس کو زیر کرنا۔
پالی۔ وہ مکان جہان بیٹرین یا مرغ وغیرہ لڑائے جائین۔
پانی۔ وہ وقفہ درمیانی جو لڑائی

مین مرغ کو دم لینے کو دین اور لوکی تیمارداری کرکے پھر لڑنے کے قابل بنانین

چینگ - دیسی بٹیر چھوٹے قد کا۔

چھتھا - بھگا بٹیر جسے لڑنے والے بٹیر سے چھتھواتے ہین۔

دلبا - بھگے بٹیر کی طرح ناکارہ مرغ جسپر لڑنیوالے مرغ سے لاتین چلوائین

ڈنکا مارنا - مرغون کا لاتین مارتے مارتے تھک کر ایکدوسرے کو چونچین مارنا

گھاگر - پہاڑی بٹیر بڑے قد کا۔

گھٹ جانا - بٹیر یا مرغ کا اپنے مقابل سے ہار جانا۔

مار لات پوٹا پھٹ جائے - بٹیر کے تیز کرنے کا فقرہ۔

موٹھ کرنا - بٹیر بازون کا بٹیر ہاتھون مین رکھکر لڑنے کے قابل بنانا۔

## پہلوانون کی اصطلاحین

آنٹی لگانا - مقابل کی گردن مین ہاتھ ڈالکر کولے پر اٹھا لینا۔

اوڑان کی دھڑ - ٹانگ لگانے والے پیچ کو دفع کرکے اپنا دھڑ سنبھالنا۔

بیٹھک - مقابل سے لنگوٹ کو ایک ہاتھ سے پکڑ کر دوسرے ہاتھ سے دونون ٹانگون کے بیچ اسکو اٹھا لینا۔

بیٹھکر ٹانگ لگانا - مغلوب پہلوان کا بیٹھے بیٹھے اندر سے ٹانگ اڑانا اور ہاتھ پکڑ لینا

پیٹ کسی - ایک ٹانگ لمبی کرکے دوسری ٹانگ سے پیٹ کسنا اور ایک ہاتھ گردن پر ڈالنا

چپڑاس مارنا - مقابل کی پنڈلی پر پانون کی مڑب لگانا۔

چرخا گھٹنا - کہنیان پکڑ کر جھکا لینا پھر پیٹ اور ٹانگون کے بیچ ایک ٹانگ اڑا کر دوسری ٹانگ گردن پر سے لاکر زمین پر لیٹ دینا۔

حلقوم مارنا - جس کو زبردست مقابل نے دونون ہاتھون پر اٹھا کر دے مارنے کا ارادہ کیا ہو اس کا معًا اپنی ٹانگ اس کے حلقوم پر مارنا۔

دستی کرنا - ہاتھ سے ہاتھ ملا کر زور کرنا دہنی یا بائین لگا کر پکڑ لانا۔ دستی کرکے دہنی خواہ بائین طرف سے پیچ کرنا۔

دھولی پاٹا - پیچ کرکے پیٹ پر لاد لینا

سکھی لگانا - لنگوٹ پر آگے ہاتھ ڈال کر دو ٹانگون کے وسط مین اپنی ٹانگ پر اٹھا لینا سواری ڈالدینا - ہنسے کا گنٹھ کرکے

مقابل پر سوار ہو جانا۔
تینچی کرنا۔ ٹانگون مین دلوچ کر حریف کی دونون بغلون سے ہاتھ نکالکر گردن تھام لینا اور پچھاڑنا
کھڑے ہو کر ٹانگ لگانا۔ ٹانگ کی پوٹ سے چت کر دینا
ہفتے کا ٹھنا۔ بغل کے نیچے سے ہاتھ لے جاکر گردن پکڑنا۔

## ج

### جواریون کی اصطلاحین

آٹھ۔ سولہ کوڑیون کے کھیل مین جب ۴ یا ۸ یا ۱۲ یا ۱۶ کوڑیان چت گرین۔ چوسر کے کھیل مین جب پاسے اس طرح پر گرین کہ ایک پاسے پر ۵ دائرے ہون ایک پر ۲ اور ایک پر ایک۔
اب کی بچے تو گھر گھر بچے۔ چوسر کی گوٹ اگر اسر شہ ہی تو پھر گھر گھر ناچے پھونگی اور کوئی مزاحمت نہ کر سکے گا۔ قمار بازون کی اصطلاح۔
اٹھارہ۔ تینون پاسون کا چوسر کے کھیل مین ایسے رخ سے پڑنا کہ ہر ایک مین ۶ دائرے نظر آتے ہون۔
اٹو۔ گیڑی کھیلنے والون کی اصطلاح مین وہ گیڑی جسپر دوسری ضرب لگائی جاتی ہے۔ بازاری لونڈون کا کھیل جسمین کچھ کوڑیان لیکر تین یا چار لڑکے ایک دائرے مین پھینکتے ہین ایک لڑکا پھینکتا ہے باقی ماندہ لڑکے اپنی مٹھی مین ہار جیت والی رقم مخفی رکھتے ہین جو پھینکنے والا جیتتا ہے اُسے وہ رقم ملتی ہے۔
انٹی بار۔ چالاکی عیاری یا چوتھی گھائی مین کوڑی چرانے والا۔
انٹی بازی۔ چالاکی۔ عیاری کرنا۔ کوڑی کا تیسری یا چوتھی گھائی مین چرا رکھنا
اَن بِل بدّر الدین۔ چوسر بازون کا محاورہ جب فریق ثانی کا جگ نہ ملا ہو اور گوٹ تنہا ہو اور وہ پانسہ پھینکے تو کہتے ہین
بت۔ بدھنا یا جوتا یا نکیہ جس پر چوسر کھیلنے والے پانسہ پھینکتے ہین۔
بر جلا۔ ایک بازاری لڑکون کا کھیل جس مین ایک مستطیل زمین پر کھینچکر اوس کے دو مربع حصے کرتے ہین ایک مربع کوڑیان پھینکنے کے لیے وقف ہوتا ہے اور دوسرے مربع کے نیچے والے ضلع پر کھڑے ہو کر پہلے مربع مین کوڑیان پھینکتے ہین جتنی کوڑیون سے کھیلنا طے ہو اتنی کوڑیان ہر کھیلنے والے کو جمع

کرنا ہوتی ہین اگر کل کوڑیان ہاتھ مین
آسکتی ہین تو ایک بار ورنہ دو بار پھینکی
جاتی ہین جتنی جیت گرتی ہین اتنی کوڑیان
پھینکنے والے کو ملتی ہین۔

پاپی ڈوکن۔ ایک تختے پر چھ رنگ کے
چھ خانے اور ہر خانے پر مختلف تصویرین
ہوتی ہین جن پر ہار جیت کی رقم رکھی
جاتی ہے اور تین مربع قرعے ایک بٹے
مین ہلا کر علیحدہ پھینکے جاتے ہین جس
رخ پر قرعے گرین اُس کی تصویر مذکورہ
بالا خانون کی تصاویر سے مطابق کرتے
ہین جس خانے کی تصویر مطابق ہوتی
ہے اُس خانے والا جیتا ہے اس طرح سے
تختے کے تین خانون کی رقمین ہر ہاتھ
قمار باز کو جا دیتے ہین اور تین خانون
کی رقمین ہار مین جاتی اور جوا کھلوانے
والے کے ہاتھ آتی ہین۔

پارہ۔ گیڑی کھیلنے والون کی اصطلاح
جب اوپر اپنی گیڑی کی ضرب لگاتے ہین
تو کہتے ہین کہ "پارہ" یعنے اُس لکیر سے جس
سے پار کرنا مقصود ہے پار ہوجا۔

پانسہ۔ ہاتھی دانت یا ہڈی کے قرعے
جس کے چار پہلوؤن پر چھوٹے چھوٹے
سیاہ حبدلون کے دائرے ہوتے ہین
انھین دائرون کے شمار پر کھیل ہوتا ہے
پتا۔ مستطیل چھپے ہوے مختلف رنگ
کے موٹے ورق جسے تاش بھی کہتے ہین
یہ ورق شمار مین باون ہوتے ہین اور
اُن مین چار رنگ دو سیاہ اور دو سرخ
ہوتے ہین سیاہ مین ایک پھول اور
ایک مُغلم کہلاتا ہے اور سرخ مین ایک
اینٹ اور ایک پان۔ اور اکائی سے
دہائی تک ہر ایک رنگ کے دو دو پتے
ہوتے ہین اور ہر ایک رنگ مین
تین تین تصویرین ہوتی ہین جنمین ایک دفعہ
دوسری بیبا تیسرا غلام ہوتا ہے اِن
پتون کے ذریعے سے مختلف کھیل کھیلے
جاتے ہین جن مین بعض ناجندبون اور
جواریون کے کھیل ہوتے ہین اور بعض
اوباشون کے اور بعض مہذب پارٹی کے۔

پنجمار۔ چوسر کے تین پانسون کا ایسے
رخ سے پڑنا کہ ایک پر پانچ دائرے
اور دو پر دو دو دائرے ہون۔

پنجڑی۔ تین پانسون کا اس طرح پڑنا
کہ ایک پر ایک اور باقی پر دو دو دائرے
شمار ہو سکین۔

پندرہ سولہ پانسون کا ایسے رخ سے پڑنا کہ ہر ایک پانسے مین پانچ پانچ دائرے ہوجائین۔ تین پانسے اس طرح پڑین کہ ایک پر ایک دائرہ نظر آوے اور دو پر پانچ پانچ چھ تو وہ داؤن پکا کہلائیگا جیسے دس پو بارہ پو بارہ وغیرہ۔

پو بارہ۔ تین پانسون کا اس طرح پڑنا کہ ایک پر ایک دائرہ اور دو پر چھ چھ نکلے ہوئے شکل کیے جائین۔

پہاڑی ٹیلو۔ بازاری لونڈون کا ایک کھیل ہے جسے اس طرح کھیلتے ہین کہ آٹھ دس لڑکے باہم اکٹھا ہوتے ہین اور اُن مین سے ایک اپنی ایک مٹھی مین کوڑی رکھتا ہے اور دوسری مٹھی کو خالی رکھتا ہے اور دوسرے لڑکون سے بوجھواتا ہے کہ کون سی مٹھی مین کوڑی ہے اگر اُس نے کوڑی والی مٹھی پر ہاتھ مارکر بوجھ لیا تو وہ شاہ ہوا اسی طرح باری باری سے کل لونڈون سے کوڑی بوجھوا لیتے ہین جس قدر شاہ ہوتے ہین وہ الگ رہتے ہین جس قدر چور ہوتے ہین اُن کو پھر دوبارہ وسہ بارہ کوڑی بوجھوا کر شاہ ہونے کا موقع دیا جاتا ہے یہان تک کہ اُن مین کا صرف ایک چور رہجاتا ہے تو اس کے متعلق یہ خدمت ہوتی ہے کہ فلان درخت کی سبز ٹہنی لاؤ اور اُس کی مدد کے لیے ایک لڑکا ساتھ کر دیا جاتا ہے بس ایک طرف وہ دونون لڑکے ٹہنی لینے جاتے ہین دوسری طرف باقیماندہ سب لڑکے اِدھر اُدھر گشت لگاتے دوڑتے پھرتے اور "پہاڑی ٹیلو پہاڑی ٹیلو" پکارتے رہتے ہین اس مابین مین ٹہنی لانے والا لڑکا اپنی ہمراہی کے ساتھ دوڑتا ہوا واپس آجاتا ہے اور پہاڑی ٹیلو پکارنے والے ٹولی مین سے ایک کو چھوکر اور ٹہنی لیکر شاہ ہو جاتا ہے اب وہ لڑکا جس کو اُس نے چھوا ہے چور ہو جاتا ہے اور پھر وہ ٹہنی لینے جاتا ہے اور اُس کے ساتھ بھی ایک لڑکا کر دیا جاتا ہے اسی طرح باری باری سب لڑکے ٹہنی لاتے اور باقیماندہ پہاڑی ٹیلو پکارتے رہتے ہین۔

پھڑ۔ کنایہ ہے قمارخانہ سے۔

پیتیلا۔ پرنجلے کے کھیل مین دوسرے مربع کا وہ ضلع جس پر کھڑے ہوکر پہلے مربع مین کوڑیان پھینکتے ہین اور گیڑی کی کھیل مین وہ لکیر جس سے گیڑی کا پار کرنا مقصود ہوتا ہے۔

پچیسی - برجلے کے کھیل مین وہ شخص جس کا گلھا پتلے سے ہٹ کر پڑے یا گولیان کھیلنے والون مین وہ شخص جس کی گولی پتلے سے ہٹ کر پڑے۔

تیرا - تین پانسون کا اس طرح پڑنا کہ ایک پر چھ اور ایک پر پانچ اور ایک پر دو دائرے نمایان ہون۔

تیلا - برجلے کے کھیل مین وہ شخص جسکی گلھا دولے سے ہٹ کر پڑے یا گولیان کھیلنے والون مین وہ شخص جس کی گولی دولے سے ہٹ کر جائے۔

تین کانے - تین پانسون کا اس طرح پڑنا کہ ہر ایک پانسے پر ایک ایک دائرہ نظر آئے۔

ٹیان - رویا سفید رنگ کی کوڑی جو نہایت آبدار اور چکنی ہو اور اُس کو سولی مین شامل کرتے ہین۔

ٹھپا - گولیان کھیلنے والون کی اصطلاح مین تین یا چار ٹھیکریون یا کوڑیون کا مجموعہ جسپر گولیون کا نشانہ لگاتے ہین۔

جگ - دو نردون کا ایک گھر مین ہونا چار کانے - پانسون کا اس طرح پڑنا کہ ایک پر دو دائرے اور باقی دو پر ایک ایک دائرہ ہو۔

چودہ - پانسون کا اس طرح پڑنا کہ ایک پر ۲ اور باقی دو پر چھ چھ دائرے ہون

چوپڑ - عوام الناس جو پڑ بولتے ہین اور لغات کی زبان پر چوسر آتا ہے جس کی چار شاخین کپڑے کی ایک ہی بین سی ہوئی ہوتی ہین اور ہر شاخ مین تین تین کام اور ہر کام مین آٹھ آٹھ خانے ہوتے ہین یہ کھیل جواریون اور مہدیون دونون مین مشترک ہے۔

چھ - سولی کے کھیل مین ۶ یا ۲ یا ۱۰ یا ۱۴ کوڑیون کا چت گرنا۔

چھکڑی - تین پانسون کا اس طرح پڑنا کہ ہر ایک پانسے مین دو دو دائرے بن جائین۔

چیانی - بے ایمانی جو کھیل مین کیجائے۔

داؤن - چھ - سات - آٹھ - نو مین سے ایک شمار۔

دس پو - پانسون کا اس طرح گرنا کہ ایک پر ایک اور دو پر پانچ پانچ دائرے نظر آئین۔

دُولّا - برجلے کے کھیل مین وہ شخص جسکا گلھا میرے ہٹ کر پڑے یا گولیان

کھیلنے والون مین وہ شخص جس کی گولی
میر سے ہٹ کر جائے۔
ڈورا۔ کسی شخص کا داؤن بار بار آنا
اور دوسرون کا داؤن مطلق نہ آنا۔
سات۔ سولی کے کھیل مین ۷ یا
۱۱ یا ۱۵ کوڑیان چت آنا اور چوسر
بازی مین پانسون کا اس طرح پڑنا کہ
ایک پر ۵ دائرے اور دو پر ایک ایک
دائرے شمار ہون۔
سترہ۔ پانسون کا اس طرح پڑنا
کہ ایک پر ۵ اور دو پر چھ چھ دائرے
گن لیے جائین۔
سن مچھی۔ دو ڈبل پیسے اچھال کر
دیکھنا کہ چہرہ کے رخ سے پڑا یا سن
والے رخ سے چہرے والا رخ مچھی کہلاتا
ہے جو رخ کھیلنے والا نامزد کردے اسی
پر جیت ہوتی ہے۔
سولہ۔ پانسون کا اس طرح پڑنا
کہ ایک پر چھ اور دو پر پانچ پانچ
دائرے شمار مین آئین۔
سولی۔ سولہ ٹیون یعنے چکنی کوڑیون
کا مجموعہ جس سے اکثر جوا کھیلا جاتا ہے
خصوصاً دیوالی مین اسی کا کھیل ہوتا ہے

سچے۔ جب پانسے اس طرح پڑین کہ
ایک ڈائرے کا رخ سامنے ہو تو وہ سچے
کہلائینگے جیسے اٹھارہ سولہ چھکڑی وغیرہ
کعبتین۔ پانسون کا کھیل چوسر کے
علاوہ یہ کھیل خاص جواریون کا ہے۔
کعبتیا۔ کعبتین کھیلنے والا۔
گگھا۔ برجلا کھیلنے والون مین فی
کس جتنی کوڑیان ہوتی ہین اُن مین
ایک ایک خوبصورت بڑا بھی ہوتا ہے اُس
کو گگھا کہتے ہین۔
گولی۔ لاکھ یا شیشے کی مدور گولیان
جسے گولی کھیلنے والے استعمال کرتے ہین
گھر۔ چوسر کے کالمون کا خانہ جس کا
شمار فی کالم ۸ ہوتا ہے۔
گیڑی۔ گول ڈنڈے لکڑیون کے خواہ
سیدھے ہون یا ٹیڑھے۔
موٹھ۔ اِتی کے کھیل مین جو رقم کھیلنے
والون کی سُمی مین مخفی ہو۔
میر۔ برجلے اور گوپیو کے کھیل مین جسکا نگگھا
یا جسکی گولی سب سے آگے جائے۔
نگی۔ پانچ کوڑیون کا چت گرنا۔
نو۔ سولی کے کھیل مین ۱ یا ۹ یا ۵
یا ۱۳ کوڑیان چت پڑنا

## چ

### چرسیون کی اصطلاحین

بالو چر۔ عمدہ قسم کی چرس دوسرے درجہ کی بھورا۔ چوتھے درجہ کی چرس جو صرف چرس کی خاک ہوتی ہے۔

پیڑو پر کی۔ تماشبین چرسیون کی اصطلاح مین وہ منتخب اور عمدہ چرس جسے ساقین کپڑے کے ٹکڑے مین بھر کر پیڑو پر گھرس رہتی ہین اور کم سے کم تین چلم بھر کے چرسیون کو پلاتی ہین۔

تیلیا۔ تیسرے درجہ کی چرس جو تیل سے مرکب ہوتی ہے یہ اوسط درجہ ہے۔

چرئس۔ موسم سرما مین جب اوس گر کر درخت کی پتیون پر جمی رہتی ہے تو کسان کے وہ درختون پر کنڈون کی راکھ ڈالدیتے ہین اور ہر صبح کو وہ راکھ علیحدہ کر لیتے ہین اسی راکھ کا نام چرس ہے۔

اول مرتبہ کی آتاری ہوئی سالبھانی

دوسرے مرتبہ کی بالو اور تیسرے مرتبہ کی تیلیا چوتھے مرتبہ کی بھوری کہلاتی ہے گانجے کی پتی اور شاخ وغیرہ کے عرق کا اثر جو کنڈے کی راکھ کو چرس بناتا ہر مرتبہ مین کچھ نہ کچھ کم ہوتا جاتا ہے جسکے اعتبار سے چرس کے درجے قائم کیے گئے ہین۔

چرسیا۔ چرس پینے والا۔

دم پڑنا۔ چرس کی چلم کا پیا جانا۔

ساقین۔ چرس پلانے والی رنڈی جسے لوگ گگڑ والی بھی کہتے ہین۔

سالبھان۔ اول درجے کی چرس جو کمیاب ہوتی ہے۔

گگڑو۔ خشک تماکو اور پینے کی تماکو اور خاکستر کا مرکب چلم مین بھر کر پیتے ہین۔

گگڑ والا۔ ساقی۔ حقہ پلانے والا۔

گانجا۔ بھنگ کی طرح کی پتیان جس مین تمباکو کشیدنی ملا کر چلم مین بھرتے اور پیتے ہین۔

گنجیڑی۔ گانجہ پینے والا۔

کو اٹھنا۔ چرسیون کا کمال کہ ایسا دم کھینچین کہ چلم سے شعلہ بلند ہو۔

## و

### دلالون کی اصطلاحین

(۱) کپڑا۔ جوتا وغیرہ معمولی سودون کے متعلق

صاحبی۔ دلالی سے مراد ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٹالا۔ دھیلا | چھ دام | بڑھ آنہ۔ پانچ آنہ | ۵ر |
| سرپا چھبے | ایک پیسہ یعنی پاؤ آنہ | سوا بڑھ آنہ۔ سوا پانچ آنہ | ۵ر |
| ٹل | | ٹل بڑھ آنہ۔ ساڑھے پانچ آنہ | ۰۵ر |
| دھن آنہ | دو پیسہ یعنے آدھ آنہ | بڑھ تپوکے۔ پونے چھ آنہ | ۵ر |
| اکوائی چھبے۔ تین پیسے یعنی پون آنہ | | ڈھینک آنہ چھ آنہ | ۶ر |
| سوانگ آنہ۔ ایک آنہ | | سوا ڈھینک آنہ۔ سوا چھ آنہ | ۶ر |
| سوائی سوانگ۔ سوا آنہ | | ٹل ڈھینگ آنہ۔ ساڑھے " " | ۰۶ر |
| سرسانگ۔ ڈیڑھ آنہ | | ڈھینگ تپوکے۔ پونے سات آنہ | ۷ر |
| سانگ تپوکے۔ پونے دو آنہ | | پینت آنہ۔ سات آنہ | ۷ر |
| سوان آنہ۔ دو آنہ | | سوا پینت آنہ۔ سوا " " | ۷ر |
| سوائی سوان۔ سوا دو آنہ | | ٹل پینت آنہ۔ ساڑھے " " | ۰۷ر |
| ٹل سوان۔ ڈھائی آنہ | | پینت تپوکے۔ پونے آٹھ آنہ | ۸ر |
| سوان تپوکے۔ پونے تین آنہ | | تائی۔ ٹنگ آنہ۔ آٹھ آنہ | ۸ر |
| اکوائی آنہ۔ تین آنہ | | سوا سنگ آنہ۔ سوا " " | ۸ر |
| سوا اکوائی آنہ۔ سوا تین آنہ | | ٹل سنگ آنہ ساڑھے " " | ۰۸ر |
| ٹل اکوائی۔ ساڑھے تین آنہ | | سنگ تپوکے۔ پونے نو آنے | ۸ر |
| اکوائی تپوکے پونے چار آنہ | | کون آنہ۔ نو آنے | ۹ر |
| تپوا آنہ چھوک آنہ | چار آنے | سوا کون آنہ۔ سوا نو آنے | ۹ر |
| | | ٹل کون آنہ۔ ساڑھے " " | ۰۹ر |
| سوا چھوک آنہ۔ سوا چار آنے | | کون تپوکے۔ پونے دس آنہ | ۹ر |
| ٹل چھوک آنہ۔ ساڑھے چار آنے | | سلا آنہ۔ دس " | ۱۰ر |
| چھوک تپوکے۔ پونے پانچ آنے | | سوا سلا آنہ۔ سوا " " | ۱۰ر |
| | | ٹل سلا آنہ۔ ساڑھے " " | ۰۱۰ر |

| | | | |
|---|---|---|---|
| سلا تپوکے - پونے گیارہ آنے | ۱۰۷۵ | منگلا آنہ - ایکروپیہ ۲ آنہ | ۱۰۸ |
| ایکلا آنہ - گیارہ " | ۱۱ | کنوتل آنہ - ایکروپیہ ۳ آنہ | ۱۰۹ |
| سوا ایکلا آنہ - سوا " " | ۱۱۲۵ | ایکوائی آنہ روپلی | |
| ٹل ایکلا آنہ - ساڑھے " " | ۱۱۰۰ | ست آنہ - بدھ پاؤ - سوا روپیہ | ۱۱۲ |
| ایکلا تپوکے - پونے بارہ " | ۱۱۷۵ | بدھ آنے اکلا - ایکروپیہ ۵ آنہ | ۱۱۵ |
| جولا آنہ - بارہ آنے | ۱۲ | دھنیک آنے اکلا - " ۶ " | ۱۱۶ |
| سوا جولا آنہ - سوا " " | ۱۲۲۵ | پنیت آنے اکلا - " ۷ " | ۱۱۷ |
| ٹل جولا آنہ ساڑھے " " | ۱۲۵۰ | ساڑھے سولی ڈیک پائی - ایکروپیہ ۸ آنہ | ۱۱۸ |
| جولا تپوکے پونے تیرہ آنے | ۱۲۷۵ | | |
| رہکلا آنہ تیرہ " | ۱۳ | کون آنے اکلا - " ۹ " | ۱۱۹ |
| سوا رہکلا آنہ سوا " " | ۱۳۲۵ | سلا آنے اکلا " ۱۰ " | ۱۱۱۰ |
| ٹل رہکلا آنہ ساڑھے " " | ۱۳۵۰ | اکلا آنے اکلا - " ۱۱ " | ۱۱۱۱ |
| رہکلا تپوکے پونے چودہ آنے | ۱۳۷۵ | جولا آنے اکلا - " ۱۲ " | ۱۱۱۲ |
| پھونکلا آنہ چودہ " | ۱۴ | رہکلا آنے اکلا - " ۱۳ " | ۱۱۱۳ |
| سوا پھونکلا آنہ سوا " " | ۱۴۲۵ | پھونکلا آنے اکلا " ۱۴ " | ۱۱۱۴ |
| ٹل پھونکلا آنہ ساڑھے " " | ۱۴۵۰ | بڑھلا آنے اکلا | |
| پھونکلا تپوکے پونے پندرہ آنے | ۱۴۷۵ | سانگ آنہ کم سترہی - " ۱۵ " | ۱۱۱۵ |
| بڑھلا آنہ پندرہ " | ۱۵ | سترہی - دو روپیہ | ۲ |
| سوا بڑھلا آنہ سوا " " | ۱۵۲۵ | پت اکلی سترہی سوا دو " | ۲۱۴ |
| ٹل بڑھلا آنہ ساڑھے " " | ۱۵۵۰ | ساڑھے سترہی ڈھائی " | ۲۱۸ |
| بڑھلا تپوکے - پونے سولہ آنے | ۱۵۷۵ | پونے اکوائی اوبن پونے تین " | ۲۱۷ |
| بڑ - لسیا - چنا - ڈھکلا آنہ ایکروپیہ | ۱۶ | اکوائی اوبن - تین " | ۲۱۷ |
| پنیلا آنہ - ایکروپیہ ایک آنہ | ۱۶ | پھوک اوبن - چار " | ۲۱۱۰ |

| | |
|---|---|
| پرھوادبن- پانچ روپیہ | ۵ر |
| ڈیک ادبن- چھ " | ۶ر |
| پینت ادبن- سات " | ۷ر |
| مانجی ادبن- آٹھ " | ۸ر |
| کون ادبن- نو " | ۹ر |
| سلا ادبن- دس روپیہ | ۱۰ |

(۲) سونے چاندی جواہرات کی خرید و فروخت کے متعلق

| | |
|---|---|
| چوکس- دلالوں کا کنایہ ار کھانیکے واسطے | |
| بھگت جی " ۲ر | " |
| بھگت جی چوکس " ۳ر | " |
| کونے مین- " ۴ر | " |
| پا- " چہارم | " |
| چھٹی- " ۶ر | " |

(۳) گھوڑے کی خرید و فروخت کے متعلق

بزبان پشتو

| | |
|---|---|
| اکیل اسپینہ- ایک روپیہ | ۱ر |
| یاز- دو روپیہ | ۲ر |
| کیڑی- تین " | ۳ر |
| کاپا- چار " | ۴ر |
| کھنہ- پانچ " | ۵ر |

| | |
|---|---|
| رکھی- چھ روپیہ | ۶ر |
| رکھی بش- سات " | ۷ر |
| یازبش آٹھ " | ۸ر |
| سرلبش- نو " | ۹ر |
| سراسپینہ- دس روپیہ | ۱۰ |
| سرمانی- گیارہ " | ۱۱ |
| سریاز- بارہ " | ۱۲ |
| سرگیری- تیرہ " | ۱۳ |
| سرکاپا- چودہ " | ۱۴ |
| سریم- پندرہ " | ۱۵ |
| سوتی- بیس " | ۲۰ |
| کفہ مالی سوتی- پچیس " | ۲۵ |
| کیڑی دیکان- تیس " | ۳۰ |
| کفہ کویا سوتی- پینتیس ۳۵ " | ۳۵ |
| خالی- سوتیان- چالیس ۴۰ " | ۴۰ |
| کفہ مالی- پینتالیس ۴۵ " | ۴۵ |
| کف دیکان- پچاس ۵۰ " | ۵۰ |
| کیڑی سوتیان- ساٹھ " | ۶۰ |
| رکھی بش سوتیان- ستر " | ۷۰ |
| کاپنا سوتیان- اسی " | ۸۰ |
| سراسپینہ کولانگ- نوے " | ۹۰ |
| لانگ- سو روپیہ | ۱۰۰ |
| مالنسی مالی لانگ- ایکسو پچیس " | ۱۲۵ |

| | | |
|---|---|---|
| اکیل نیم۔ ڈیڑھ سو | ماہ | اٹھلو۔ آٹھ۔ |
| مانسہ کو لانگ۔ ایکسو پچیس | ماہ عہ | بان۔ سلفا۔ |
| یاز لانگ۔ دو سو روپیہ | مار | برما۔ لڑکا۔ |
| مانسی مالی یاز لانگ۔ سوا دو سو روپیہ | ماہ عہ | برمی۔ لڑکی۔ |
| یاز نیم لانگ دو سو پچاس روپیہ | ماہ | بانڑی۔ روٹی۔ |
| مانسہ کو کیڑی لانگ۔ دو سو پچھتر روپیہ | ماہ عہ | بیلا۔ خراب۔ |
| کیڑی لانگ۔ تین سو روپیہ | مار | بھولا۔ بوڑھا۔ |
| مانسہ مالی کیڑی لانگ۔ سوا تین سو۔ | ماہ عہ | بت جانا۔ بھاگ جانا۔ |
| کیڑی نیم لانگ۔ ساڑھے تین سو۔ | ماہ | بڑی کھدائی۔ اٹھنی |
| مانسہ کو کا پا لانگ۔ پونے چار سو۔ | ماہ عہ | پارس۔ مرد۔ |
| کا پا لانگ چار سو روپیہ | امار | پتالو۔ بٹھاو۔ |
| کھنہ لانگ۔ پانچ سو " | مار | پتادو۔ دیدو۔ |
| رکھی لانگ چھ سو " | سار | پولا۔ پاؤں۔ |
| رکھی بش لانگ۔ سات سو " | مار | پھرلی۔ پیاس۔ |
| یاز بش لانگ۔ آٹھ سو " | سار | پچلو۔ پانچ۔ |
| سر بش لانگ۔ نو سو " | مار | تیاتی۔ تین عہ |
| بڑی مالی لانگ۔ ایکہزار روپیہ | الف | ٹھیتر۔ ایک پیسہ |
| بڑی مالی یاز لانگ۔ دو ہزار " | الف | ٹکادو۔ پلادو |
| بڑی مالی کیڑی لانگ پانچ ہزار " | الف | ٹولنا۔ جوان مرد۔ |
| بڑی مالی لانگ۔ دس ہزار " | الف | ٹھپا۔ روپیہ۔ پیسہ |
| ز | | ٹھپا دے۔ لے۔ |
| زنانون کی اصطلاحین | | جھلکا۔ روپیہ |
| | | چاءدنی والا دارا۔ کسی بادشاہ |

کا فراش زنانہ تھا اُس کے مرید یا اُس
کے مریدون کے مرید سب اب تک خانزنی
والا دارا کہلاتے ہین۔
چوتھا۔ شخص
چوڑیان سین لین کسی سے آشنائی ہوگئی
چوڑیان توڑ ڈالین آشنائی ترک ہوگئی
چولو۔ چار۔
چولے پولے والے کا نیز۔ دودھ شیر
چھٹلو۔ چھ کا عدد
چھنڈا۔ چاول۔ برنج۔
چھوٹی کھدائی۔ چونی
چیسا۔ اچھا۔
دارا۔ جماعت۔ گروہ
دارے سے نکالدینا۔ جماعت سے خارج کردینا
دو بائی۔ دو کا عدد ۲
ڈھامرا۔ پیٹ۔ شکم۔
دسلو۔ دس کا عدد ۱۰
رنگیلا۔ معشوق۔ پان کا بیڑا گلوری
ساخی۔ ساقی۔
ساخی والا دارا۔ ایک مخنث ساقی زنانہ
تھا اوسکی جماعت والا دارا۔
ستلو۔ سات کا عدد ۷
سائین کاٹ۔ خراب خستہ

سٹائی ۔ ۔ مٹھائی۔ شیرنی۔
کھٹو۔ مانگو۔
کھدائی۔ اٹھنی۔ چونی۔
کھول۔ مکان۔
گردا۔ تمباکوے خوردنی۔
گپتی۔ چھپا ہوا زنانہ۔
گولنا۔ حقہ
مہاوتی دارا۔ ایک ملیبان بادشاہی
زنانہ تھا اوسکے مرید اور مریدونکے مرید اس نام سے
ملقب ہین اور زنانون مین انکا بڑا رتبہ ہے
نتھی۔ نہین۔ کلمہ نفی۔
نیارن۔ عورت۔
نوائی۔ نو کا عدد ۹
نیر۔ پانی۔
ہرولا۔ پان۔

## س

### سپاہیون کی اصطلاحین

اڑبا کھڑبا۔ اوڑھنا بچھونا وغیرہ۔
بیڑا۔ آلیس والون کی جماعت۔
بیڑن۔ رنڈی۔ طوائف۔
تروار۔ تلوار۔ شمشیر
تروریا۔ شمشیر زن۔ تلوار۔

پتھر کلا۔ وہ بندوق جو چقماق کی مدد سے سر کیجاتی تھی مگر اب سپاہیون کی اصطلاح مین ہر بندوق کے لیے ہے۔

ترم باز خان۔ ہیکڑ خان۔

تلنگا۔ چونکہ ایسٹ انڈیا کمپنی نے پہلے پہل ملک تلنگانہ مین دیسی فوج نوکر رکھی تھی اس اعتبار سے اُس فوج کے جوان کو تلنگا کہتے تھے رفتہ رفتہ ملک تلنگانہ کی خصوصیت جاتی رہی اور اب ملک کے دیسی سپاہیونکا یہ نام پڑ گیا ہے

ڈیرہ۔ خیمہ۔ زنڈی کا طائفہ۔ جلے قیام ہر سہ معانی سپاہیون کی اصطلاح مین اس لفظ کے لیے جاتے ہین۔

## سیف بازونکی اصطلاحین

امر دھج۔ پنجون پر قائم ہوکر دونون پانؤن کو آگے پیچھے برابر زمین پر رکھکر کمر کو خم کرکے شیف و سپر کے دونون ہاتھون کو سر کے برابر دراز کرکے حریف پر متواتر وار کرنا۔

اک انگ۔ صرف سیف سے تنہا یا پیادہ حریف سے جنگ کرنا۔

باہرہ۔ بائین طرف سے حریف کے کلے اور گردن پر وار کرنا۔

پیترا۔ میدان مین حریف کی آنکھ سے آنکھ ملاکر حسب قاعدہ کھڑا ہونا۔

بھنڈارا۔ حریف کے پیٹ پر بائین طرف سے ضرب لگانا۔

پالٹ۔ بائین طرف سے حریف کے کولے سے پانؤن تک چوٹ مارنا۔

پوکھر۔ حریف کی کمر پر داہنی طرف ضرب لگانا۔

ٹھاٹھ۔ دھج کا کوئی سا انداز جو شان دار ہو۔

چاکی۔ حریف کے سر پر سیف کو چکر دیکر جہان خالی جگہ پاتا وار کرنا۔

چور دھج۔ حریف کے مقابل آکر میدان مین اپنے اختیار سے کبھی آگے اور کبھی پیچھے قدم بڑھانا اور سیف و سپر کے دونون ہاتھون کو سینے کے برابر رکھکر پیترا بدلنا اور موقع پاکر حریف پر وار کرنا

داؤ۔ ضرب لگانیکی کوئی سی قسم۔

دو انگ۔ تلوار و سپر لیکر یا گھوڑے پر سوار ہوکر جنگ کرنا۔

راوت۔ سیف بازی کا استاد جسکے بہت سے شاگرد ہون۔

سر۔ حریف کے سر پر چوٹ مارنا۔
طمانچہ۔ دہنی طرف سے حریف کے گلے پر وار کرنا۔
علی مدد وجھ۔ دو بقبلہ کھڑے ہو کر بائیں پانوں مضبوطی سے اور دہنا پانوں نرمی سے قائم رکھکر حریف پر حملہ آور ہونا۔
کرڑک۔ داہنی طرف سے حریف کے پانوں پر ضرب لگانا۔
کمر۔ حریف کی کمر پر ضرب لگانا۔
گھاؤ مکھ وجھ۔ تلوار دسپر لیکر دونوں ہاتھوں کو برابر اور کشادہ رکھکر حریف کی طرف خم دیکر سپر و شمشیر کے دونوں ہاتھوں کو حرکت دیکر دھوکے سے حریف پر چوٹ مارنا۔
گھائی۔ سیف بازی اور چوب بازی کے انواع کی مشق۔
مونڈھا۔ حریف کے شانے پر چوٹ لگانا
ھنونتی وجھ۔ داہنے ہاتھ مین تلوار بائین مین سپر لیکر حسب وضع کرتے ہوے حریف کا مقابلہ کرنا اور چوٹ مارنا۔
ہول۔ حریف کے سینہ یا شکم یا پیر و پر سیدھی چوٹ لگانا۔

## ش

### شہدون کی اصطلاحین

ابے۔ کلمۂ خطاب ہر ضیع و شریف کی نسبت۔
او کات۔ لفظ اوقات کا لہجہ تبدیل کیا گیا ہے۔
بو۔ بواؤ مجہول لفظ وہ سے مراد ہے ضمیر غائب اشارہ بعید۔
بڑ چود۔ کلمۂ دشنام شہدون کا شریف بھی کہتے ہین۔
جردہ۔ زردہ کا لہجہ بدلکر اشرفی کے معنی مین مستعمل ہے۔
جے۔ لیجیے یہ۔ اشارہ قریب کی طرف
چھاّ۔ روپیہ۔
چینید کی لینا۔ بے ایمانی و دغابازی کرنا
راجی۔ لفظ راضی کا لہجہ تبدیل کیا گیا
سکتے حال۔ شکستہ حال۔ جو شخص نہایت کم مایہ و بیقدر ہو۔
سلریا۔ کم حقیقت۔
سودا۔ شہدا۔
کھالک۔ لفظ خالق لہجہ بدلا گیا ہے۔
گارت ہونا۔ غارت ہونا۔ لہجہ بدلا ہوا ہے۔

# ف

## فقیرون کی اصطلاحین

آسن مارنا۔ ایک مقام پر بیٹھ جانا ہندو فقیرون کی اصطلاح۔

اللہ ہی اللہ۔ مسلمانون مین فقیرون کی اصطلاح بجاے سلام علیک۔

اندھا گھوڑا۔ کنایہ ہے جفت پاپوش سے فقیرون مین۔

اودا سا کسنا ترک دنیا کرنا۔ فقیر ہوجانا

بابا۔ مسلمان فقیرون کا کلمہ خطاب ہر ایک کی نسبت۔

بچہ۔ ہندو فقیرون کا کلمۂ خطاب ہر ایک کی نسبت۔

چراغی۔ مراد ہے پیسون سے مسلمان فقرا کی زبان پر۔

دم قدم۔ کسی کی ذات سے مراد ہے۔

دودھوا۔ ہندو فقیر کی اصطلاح مین شراب کو کہتے ہین کیونکہ وہ دعوی کرتے ہین کہ ہم شراب کو دودھ بنا دیتے ہین۔

رام رس۔ ہندو فقرا نمک کو کہتے ہین۔

یاد اللہ۔ صاحب سلامت۔ ملاقات مسلمان فقیرون کی زبان پر

## فیلبانون کی اصطلاحین

بیری۔ ہاتھی کو منع کرنا۔

بیٹھو۔ بیٹھنے کا اشارہ ہاتھی کو۔

بلی۔ کلمہ ہاتھی کا سر اٹھوانیکے واسطے۔

بھٹر۔ کلمہ ہاتھی کے اٹھانے کا۔

پرو۔ ہاتھی کو مارنا۔

ترے۔ کلمہ ہاتھی کے لٹانے کا

تن۔ ہاتھی پر ہودج یا گدی کسنا

جے۔ کلمہ ہاتھی کو تھمانے کے لیے۔

دھت کلمہ ہاتھی کو پیچھے ہٹانے کا۔

دھر۔ کلمہ ہاتھی کو گھاس توڑنے کے واسطے

میل۔ کلمہ ہاتھی کے چلانے کے واسطے۔

# ق

## قصائیونکی خاص اصطلاحین

اوسرا۔ گوشت نرگاؤ۔

اولا۔ گوشت ساق۔

اکان۔ پاؤ آنہ یعنے ایک پیسہ

بتی۔ ساق یعنے پنڈلی کی مچھلی

بھچا۔ خراب۔ برا۔

بھکڑا۔ مادہ گاؤ کا گوشت۔

بھنگی۔ اندام نہانی زن۔
بھونکتا۔ کتا۔ سگ
بتیانا۔ کھانا کھانا۔ طعام نوش کرنا۔
بتینی۔ کھانا۔ طعام۔
پنجہ۔ بلی کا گوشت۔
پون۔ مطلق گوشت۔
پٹنا۔ دیکھنا۔ طے پانا۔
ٹیڑھی چھری۔ قیمہ کاٹنے کا آلہ۔
جمنی۔ بھینس کا گوشت۔
جوڑ۔ مراد دو کے عدد سے۔ ۲
چاپڑ۔ ہڈی توڑنے کا آلہ۔
چھوٹی چھری۔ گوشت کے ٹکڑے کرنیکا آلہ
ڈنڈا۔ سرین کا گوشت۔
سراو۔ شانے کا گوشت۔
سری۔ پیسہ۔ پاؤ آنہ۔
سریا۔ برہمن کے بھیس میں مویشی خرید کرنیوالا فرقہ قصائیون کا۔
سیدھی چھری۔ گوشت کاٹنے کی چھری
کھج۔ سرین سے ملی ہوئی ران کا گوشت۔
کھسانا۔ چھپانا۔
کھسنا۔ بھاگ جانا۔ چلا جانا۔
کھنتی۔ چہارم راس۔

گسلا۔ بچہ جو گائے پیٹ میں مرگیا ہو۔
لفظ گوسالہ کی خرابی کہی گئی ہے
گوٹڑا۔ ران کے اندر کا گوشت۔
لپڑی۔ ٹوپی۔
مقدم۔ ران کے اوپر کا گوشت۔
سیکھی۔ بکری کا گوشت۔
نسیا۔ پیسا۔
نکات۔ برا۔
نکات خوری۔ بری بات
نکھا۔ گردن کا گوشت۔
ھبس۔ سڑا ہوا۔
ھبس ہونا۔ رونا۔ گریہ وزاری کرنا۔
پہلا۔ پون آنہ یعنے تین پیسے۔
پہلو۔ آنے ایک سے نہایت ۵ آنے

## ک

### کہارون کی اصطلاحین

باٹ کاٹ۔ ایک طرف سے دوسری طرف راستہ کاٹنا۔
بالاخانے۔ چھتا خواہ مکان کا برآمدہ
بائین رگڑ۔ بائین جانب اوجھڑ کا اندیشہ
بچھاؤ۔ چارپائی۔ پلنگ۔
بربری۔ بکری یا بھیڑ۔

بٹر بیرا۔ کھیت کی منیڈ۔
بوجھیل۔ سر زیر بوجھ لیے ہوئے آدمی
بولتا۔ مرد۔
بونے کی رگڑ۔ یعنے پہلو مین آدمی
ہے ہٹ کر چلو۔
بھاری سے۔ مطلب یہ کہ کھڑے
رہو جاؤ۔ مرک جاؤ۔
بھونکتا۔ کنایہ ہے کتے سے۔ سگ۔
بے پر۔ آندھی۔
بیٹھا۔ مراد بیٹھے ہوے مردے۔
بیری۔ کانٹا۔
پانوں پھندنی۔ رسی۔ رسن
پانوں کاٹ۔ ڈور
پورے قدم سے۔ یعنے سنبھلکر پانوں رکھو
پہاڑ۔ ہاتھی۔
پہلو۔ اونٹ۔
تھوب۔ فنس کے چار کھارون مین
سے اگلا اور پچھلا کھار۔
ٹھوکر۔ اینٹ۔ پتھر۔ کنکڑ۔
ٹھوکر پلٹاؤ۔ اینٹ جو ٹیڑی ہو
اور پلٹ سکے۔
ٹھوکر چڑاؤ اینٹ جو ٹیڑی ہو اور
اسکی ٹھوکر لگنے کا ڈر ہو۔

ٹگر بلندی۔ درخت۔
جل اندھیاری۔ پانی کا وہ چشمہ
جس مین پیر ڈوب جائے۔
جلتا۔ آگ۔
جنگی۔ بڑے قد کا گھوڑا۔
جوڑی۔ ڈوبلی فنس
جھولن۔ بہنگی جو کہار کاندھے پر
لے چلتے ہین۔
چرخا اکا۔ ٹھیلا۔
چرخی۔ گاڑی۔ چھکڑا۔
چنگل گھی۔ پیر کی انگلیان جما کر رکھو۔
چوپائی۔ چارپائی۔
چوماسی۔ بہت سی کیچڑ کسی مقام پر
چوکھی۔ وہ لکڑی جو بے چوکھٹ
کے پھاٹکون کے وسط مین نصب ہوتی
ہے جسکی آڑ سے دونون پھاٹک بند ہوتے ہین
چھپکا قدم مین۔ پانی سے بھرا ہوا گڈھا
چھیا۔ غار عمیق۔ بڑا گڈھا۔
چلتا قدم مین۔ کیچڑ۔
چھتری آسمانی۔ بلندی پر کوئی بوجھ چھتر پائی
چھترا۔ گوبر لید وغیرہ
چھڑائی۔ سقہ مشک لیے ہوے بہشتی۔
ڈرڈری۔ کنکر۔ ٹھیکرے۔ کچرے۔ وغیرہ۔

دواسا۔ دونون جانب اونچا۔
دونون بازو۔ جانبین۔
دہنے طمانچہ۔ یعنے دہنی طرف دیوار کا پشتہ ہے۔
دھمک ہے۔ راہ مین اونچا نیچا یا خار ہے
ڈالی۔ ٹوکرا یا ٹوکرا سر پر لیے ہوئے آدمی
ڈگ پہلو۔ یعنے دہنے پہلو کی طرف اونٹ ہے۔
ڈیوڑھا۔ نشیب و فراز۔ اونچا نیچا۔
رگڑ۔ پہلو مین رگڑ لگنے والی کوئی چیز۔ ریت۔ پھسلن۔
سپیدی۔ استخوان۔ ہڈی۔
سکیلا۔ خس و خاشاک سے کنایہ ہے۔
سنگھاڑیا۔ بیل گاے بھینس بھینسا بیگار مین
سولہر۔ گدھا۔
طمانچہ بلندی۔ عمارت۔
فرش گلیچہ۔ پختہ سڑک جسپر کنکر جوڑ طور سے کٹے ہون
قدم بڑھاکے۔ یعنے جلدی تیز رفتاری سے
قدم بھرکے۔ یعنے نالی پھاندکے۔
کنھاری قدم مین۔ جو لکڑی سامنے راہ مین پڑی ہو۔

کنٹل۔ دہلیز۔ چوکھٹ۔
کریچ۔ موڑ۔ جہان سے راستہ گھوما ہو
کوچوانی۔ گھمبی۔ ٹھن۔
کھرائی۔ گوہ۔ براز
گرا جماؤ۔ کھوری اینٹ کا کھرنجہ۔
گرب۔ قفس کے چار کہاردنین سے درمیان کا کہار
گھوم جا۔ یعنے کاندھا بدل لو۔
گلتان۔ غار۔ گڈھا۔
لدّو۔ ٹٹو۔ خچر۔ چھوٹا کم قیمت گھوڑا لدا ہوا جانور۔
لگا لگ۔ یعنے چلے آؤ کوئی نئی بات نہین ہے جو حالت تھی وہی ہے۔
مُردار۔ مرا ہوا جانور
معصوم بچہ
مِلاؤ۔ بازاری عورت۔
منجھا۔ راستہ کا وسط۔ کھیت کی مینڈ
منا سا۔ کھرنجا۔
ہالن جھولن۔ بہنگی جو کہار کاندھے پر لے چلتے ہین۔

م

سوجیون کی اصطلاحین

آری۔ جوتا سینے کا ایک آلہ
بچھڑو۔ بچھیلا۔ گائے کے بچے یعنے
گوسالے کا چمڑا۔
بھینس۔ بھینس کا چمڑا۔
پان۔ منقش رنگین چمڑا جو دیسی جوتون
مین ایڑی کی پشت پر لگاتے ہین۔
پنا۔ دیسی جوتے کی ہیئت مجموعی جو
تلی کے ساتھ سی جاتی ہے۔
پچھیڑ۔ جوتے کے قالبکا ایک پتلا جزو
جسکو ٹھونک کر قالب کو کس دیتے ہین۔
تلی۔ جوتے کے نیچے کا حصہ جو زمین سے
لگا رہتا ہے۔
چرسا۔ بیل کا چمڑا۔ اور اس سے جو
ڈول بناتے ہین اسکو بھی چرسا کہتے ہین
چیڑھنا۔ چپکانا۔ لئی سے نیتون اور
تلی کو وصل کرنا۔
خود رنگ۔ بھیڑ یا دنبے کا چمڑا
اصلی رنگ کا۔
رمبی۔ چمڑا اتراشنے کا آلہ۔ چارون کی
اصطلاح مین رانپی کہتے ہین۔
رمپا۔ چمڑا چھیلنے کا آلہ۔ چمار رانپا
بولتے ہین۔
روکس۔ تلی پر کا چمڑا جسپر جوتا پہننے والے
کا تلوا ہوتا ہے۔
سانت۔ چمڑا کوٹنے کا آلہ جسے کوٹا
اور بامر بھی کہتے ہین کوٹہ فارسی اور
بامر انگریزی الفاظ ہین۔
فرماں۔ بوٹون یعنے انگریزی جوتون
کا چوبی قالب۔
قالب۔ دیسی جوتون کے اندر بھرنے
کی لکڑی۔
کترنی۔ جوتے کی نعلی سینے کا آلہ
چمارون کی اصطلاح مین اسے ستاری کہتے ہین
کٹہی۔ بھینس کے بچے کا چمڑا۔
کھرپی۔ چمڑا اتارنے کا آلہ۔
کھری۔ جوتے کی ایڑی۔
کھیلنی ہرن یا گائے بیل کی شاخ جو
چوڑا کرنے کے واسطے اسکو ایڑی کے اوپر کے
حصہ مین جوتے کے ڈالکر جوتا پہنتے ہین۔
کیلا۔ کھری مین چبھونے کا آلہ
سینے سے پہلے۔
کینٹ۔ گھوڑے یا گدھے کا چمڑا۔
گتا۔ دیسی جوتے کے قالب کا ایک حصہ۔
گوکھا۔ گائے کا چمڑا۔
لکیریا۔ چمڑے پر خط کرنے کا آلہ
مغزی۔ بچے کے کھیرے کی سیون۔

www.taemeernews.com



| | | |
|---|---|---|
| انبھولا۔ جوتا سینے کا آلہ۔ | | نری۔ رنگا ہوا بکری کا چمڑا۔ |
| میشا۔ رنگا ہوا بھیڑ کا چمڑا۔ | | ہرنا۔ رنگا ہوا ہرن کا چمڑا۔ |

# خاتمۃ الطبع

اس زمانۂ ترقی اردو میں بھی عام زبان میں پڑھے لکھے حضرات اور بازاری لوگ سہلو بہ سہلو نظر آتے ہیں بلکہ بعض بعض مرتبہ تو کلمات فحش بھی زبان ثقات پر جاری ہو جاتے ہیں۔ اسلیے اس بات کی نہایت ضرورت تھی کہ ان کلمات اور الفاظ کی پورے طور سے تشریح کردی جائے تاکہ مہذب پارٹی کے حضرات اور خاصکر طلبار مدارس ان سے احتراز کریں اور ساتھ ہی ساتھ اس کے تمام پیشہ وروں اور دلالوں وغیرہ کے خاص اصطلاحات بھی لکھدیئے جائیں تاکہ لوگ ان کی چالاکی سے بچیں لیکن اس کو کتاب کی صورت میں لانا کوئی آسان کام نہ تھا مولوی محمد منیر صاحب منیر لکھنوی سلمہ اللہ القوی کی یہ محنت قابل تحسین و داد ہے کہ آپ نے عام بازاری زبان اور محاورات عامیان و گفتگوے اوباشان و کلمات متبذل و مذموم و اصطلاحات نشہ بازان و پیشہ وران کو بترتیب حروف تہجی نہایت شرح و بسط کے ساتھ ایک جا جمع کرکے ایک اچھا خاصہ رسالہ بنادیا ہے جو اردو خوان حضرات کے لیے ہر طرح سے نہایت کارآمد ہے اگرچہ آپ کو اس میں بعض فحش محاورات بھی لکھنے پڑے جو بادی النظر میں کریہہ معلوم ہوتے ہیں مگر زبان لکھنے والے کا فرض تھا کہ سب نہیں تو تھوڑے الفاظ ایسے بھی لکھدے امید ہے کہ حضرات ناظرین کتاب مصنف کو معذور و مجبور سمجھکر درگذر کرکے معاف فرمائینگے اور جو عیوب اس میں پائینگے اسکو دامن عفو میں چھپاکر اس سے پورا پورا فائدہ اٹھائینگے اور محاورات ثقات و غیر المصطلحات کا جو عنقریب چھپکر تذر ناظرین اول الابصار ہونگے انتظار کرینگے پس کتاب ہذا باہتمام جناب حاجی محمد شفیع صاحب ادام اللہ اقبالہ ابن جناب حاجی محمد سعید صاحب غفرلہ الواہب بماہ دسمبر سنہ ۱۹۲۹ء مطبع مجیدی واقع کانپور میں چھپ کر تذر ناظرین والا تمکین ہوئی ٭٭٭٭٭٭٭٭٭٭

www.taemeernews.com

**غلط العام و متروک الکلام**

اسکا حصۂ اول متعارف الفاظ کی صحت پر مبنی ہے جسکی تفصیل صرف مطالعہ کی محتاج ہے دوسرے حصے مین متروکات کلام ہین جو چھ قسم پر منقسم ہین۔ **اول** وہ محاورات جو آتش و ناسخ سے پہلے متروک ہو چکے ہین۔ **دوم** وہ محاورات جو اُنکے زمانہ مین متروک ہوے **سوم** وہ محاورات جو اُن کے بعد متروک ہوے **چہارم** وہ الفاظ جو بعض کے نزدیک قابل ترک اور بعض کے نزدیک ناقابل ترک ہین۔ **پنجم** وہ قدیم محاورات جو تھوڑی ترمیم کے ساتھ رائج ہین **ششم** الفاظ فصیح و غیر فصیح کی تشریح اور آخر مین الفاظ مبتذل و مذموم کی تصریح ہے یہ رسالہ عام زبانداان اُردو خاص طلبار مدارس کیلئے بہت مفید ہے

**سعیدی ڈکشنری یا اُردو لغات سعیدی**

یہ انگریزی لغات کیطرح اُردو کی ایسی جامع اور اعلیٰ لغت ہے جس کی کہ فی الحال سخت ضرورت محسوس کیجارہی ہے اسمین خاص سنسکرت۔ ہندی۔ عربی۔ فارسی الفاظ کے علاوہ وہ انگریزی الفاظ بھی مع انگریزی خط کے درج ہین جو اُردو زبان مین مروج ہین۔ اس پر مستزاد یہ کہ ہر قسم کے قانونی اصطلاحات بھی اسمین شامل کر گئے ہین اور انکی پوری طور سے تشریح کردی گئی ہے غرضکہ ہر طرح سے بڑی ہی کارآمد کتاب ہے زیر طبع

**محاورات ثقات (عرف) منیر المحاورات**

اسکی دو جلدین ہین اور جلد مین زبان اُردو کے وہ محاورات مع اسنا اسناد وان پندرہ درج ہین جنکا محل عرف جدا جدا ہے اور کئی کئی معنی رکھتے ہین۔ دوسری جلد مین فارسی محاورات لکھکر انکے مترادف تمام محاورات اُردو دیئے ہین جو اپنی نوعیت مین ایک چیز ہے۔ زیر طبع

**منیر اللغات**

یہ اُردو کی وہ جامع لغت ہے جسمین وہی اصطلاحات و کنایات و اشارات و ضرب الامثال وغیرہ مع اسناد درج ہین جو فی الحال فصحا کی زبان پر جاری ہین اور ان کا موضوع لہ خاص ایک ہی ہے اور وہ نظم و نثر دونون مین برابر لکھے اور پڑھے جاتے ہین۔ اسمین ہر محاورات کا محل عرف نہایت حسن و خوبی اشعار کے ذریعہ سے کیا گیا ہے۔ جو حضرات شعرا اور طلبار کیلئے نہایت مفید ہے زیر طبع

(نوٹ)

ان تمام کتب کا ایک خاکہ پیش کر دینے کے بعد بھی ہمارا فرض ختم نہین ہو جاتا۔ بلکہ ہم اپنی اس محنت اور عرق ریزی کا صلہ صرف یہ چاہتے ہین کہ آپ حضرات سے شرف قبولیت حاصل کرین جو اس ساری دوسری کا راز ہے جب آپ کے مطالعہ سے گزرنے پر اگر اسمین کوئی کمی محسوس ہوگی اور آپ ہمین اُس سے آگاہ کرین گے تو یہ ہمارے لئے باعث شکریہ ہی ہوگا۔ بلکہ ہم آپ کو اپنا سچا مخلص سمجھ کر آیندہ ایڈیشن مین اضافہ کرنا چاہین گے اور آپ کا ہر مشورہ انتہائی تشدد کے ساتھ قبول کیا جاوے گا۔ والسلام

**ملنے کا پتہ ۔ حاجی محمد سعید تاجر کتب و مالک مطبع مجیدی کانپور**

www.taemeernews.com

# انتظار کیجئے!

## (عنقریب کتب ذیل طبع ہوکر آپکے کتب خانہ کی زینت ہون گی)

**منیر المحاورات** - دو جلد دنمین (مرتبہ مولوی محمد منیر صاحب لکھنوی) یہ وہ خزینۂ محاورات اور گنجینۂ مصطلحات ہی جسکی جلد اول مین تمام محاورات اُردو جو کئی کئی معنون پر مستعمل ہین اور ہر فرقہ مین اُسکا محل صرف علیحدہ علیحدہ ہی اپنے تمام معنون کے ساتھ بہ ترتیب حروف تہجی مع اسناد فصحاء اُستادان ہند نہایت خوبی سے جمع کردیے گئے ہین اور جلد دوم مین محاورات فارسی لکھکر اُنکے مترادف محاورات اُردو بتائے گئے ہین جو اُردو دان حضرات کیلئے خاص چیز ہین - اسکی پہلی جلد کا حجم قریب تین سو صفحہ کے ہی جو ۲½ روپیہ پر زیر طبع ہے -

**بازاری زبان** (مصطلحات پیشہ وران) - یہ اپنی قسم کی پہلی کتاب ہی جسمین ہر فرقہ کی بول چال اور پیشہ ورون کی اصطلاحات ترتیب وار درج ہین جو اپنی نوعیت مین پہلی کتاب ہے قیمت ۸ر

**غلط العام و متروک کلام** - اسمین بہت ہی تحقیق و تدقیق سے اُن الفاظ اردو کی تشریح کیگئی ہی جو فی زمانہ غلط بولے یا لکھے جاتے ہین یہ رسالہ ہر فرد علم کیلئے قابل ملاحظہ ہی - قیمت ۸ر

**تحقیق اللسان** - اسمین قریب قریب اُن تمام عربی فارسی ہندی لیکر یہ الفاظ کا توافق و تخالف دکھایا ہی جو اُردو تو مین یہ رسالہ بھی اپنی نوعیت مین نہایت کارآمد ہی

# جلد منگائیے!

**لغات سعیدی** - یہ وہ جامع لغات عربی و فارسی و ترکی و لاطینی و مغرب و مغرس کا مخزن ہی جسکی عرصہ سے اُردو دان پبلک نہایت متلاشی تھی - اسکی بابت معجوالہ زمانہ کے صاحبان اہل الرائے نے بڑی بڑی ریویو تحریر فرمائے ہین اور جمیع حضرات کی متفقہ یہ رائے ہے کہ یہ لغت تمام مروجہ کتب لغات پر حاوی ہی بھر سر اسکی مہتمم بالشان کتابت و طباعت و عمدگی کاغذ و جلدبندی نے اسمین وہ آب و تاب پیدا کردی ہی جسکے سامنے تمام کتب لغات ماند پڑ گئی ہین ضرور منگائیے قیمت للعہ

**گلشن جنان و سرور جہان** - ... یہ بے بہا تحفہ نسوان اپنی آپ نظیر ہے اسوقت تک کوئی مولود ایسا موجود نہین ہے جسکا نظم و نثر جلد کل سب عورتونکی زبان مین ہو یا جسکے تمام فصائد و غیرہ خاص اسکی مصنفہ کے ہون - حقیقت تو یہ ہی کہ صاحبزادی سرور جہان بیگم صاحبہ نے یہ رسالہ تصنیف کرکے نسوانی طبقہ پر احسان کیا ہی قیمت ۴ر

**منیر الکلام** - اگر تو دل سلیم رکھنے والے حضرات پاکیزہ کلام ملاحظہ فرمانا چاہتے ہین تو اس رسالہ کو منگائین قیمت

کل فرمائشین بنام حاجی محمد سعید تاجر کتب کلکتہ خلاصی ٹولہ نمبر ۹۸ و مالک مطبع مجیدی کان پور آنا چاہیین

www.taemeernews.com

# مجیدی پریس کانپور کی سعی مشکور

بفضلہ تعالیٰ الحال لغات قدیمہ جدیدہ عربی۔ فارسی۔ ترکی۔ لاطینی۔ فرانسیسی کا گنجینہ کنایا
اشارات معرب و مفرس لغات انگریزی کا خزینہ یعنی لغات سعیدی مطبع ہذا سے شائع ہو کر
عامہ کا خلعت حاصل کر چکی ہے۔ بڑے بڑے مدرسین و معلمین و نیز اہل الرائے و اہل علم حضرات نے اسکو پسند فرما
قدردانی کا ثبوت دیا ہے جنکی زرین آرا منقلٹ کھیوں میں شائع کر دی گئی ہیں۔ اب خاص زبان اردو کی طرف
بھی مطبع ہذا نے اپنی توجہ مبذول کی ہے اور اسکا ایک بہت بڑا ذخیرہ مہیا کر کے اسکا اہتمام کیا ہے کہ اس کے
کے تمام گرمائے آبدار کو علیحدہ علیحدہ ناظرین کے سامنے پیش کر دیا جائے چنانچہ اس میں بعض رسالہ جات
ہو گئے ہیں اور بعض زیر طبع و زیر ترتیب ہیں جنکی فہرست حسب ذیل ہے۔

## کتب طبع شدہ

**ملک کی زبان محاورات ہندوستان**

اس کے حصۂ اول میں تمام و کمال روزمرات و ضرب الامثال بلا اسناد جمع کر دیئے گئے ہیں جو بانتر و خاص و عام ہیں اور حصۂ دوم میں بترتیب حروف تہجی مع اسناد و تادان الفاظ مذکر و مونث و نیز ان الفاظ کی جو تذکیر و تانیث دونوں طرح بولے جاتے ہیں بدی تشریح ہے قیمت عہ ر

**بازاری زبان و خاص اصطلاحات پیشہ وران**

اس کے حصۂ اول میں بازاری زبان اور دوسرے میں محاورات عامیان اور تیسرے میں خاص اصطلاحات پیشہ وران دلشہ بازان وغیرہ ہے قیمت ۸ ر

**محاوراتِ نسوان و خاص بیگمات کی زبان**

اس کے حصۂ اول میں پنجاہ محاورات اور ضرب الامثال مع اسناد درج کیے گئے ہیں جو عورتوں کی زبان پر بیشتر اور مردوں کی زبان پر کمتر آتے ہیں۔ دوسرے حصۂ دوم میں خاص محاورات محلات دہلی دیکھنو مع اسناد درج ہیں قیمت ۸ ر

**منیر البیان فی تحقیق اللسان**

اس میں ہندی فارسی۔ عربی۔ سنسکرت۔ انگریزی الفاظ کا توافق صوری و معنوی اردو زبان سے اور نخالصتہً زبان دہلی و لکھنؤ نہایت تفصیل سے بترتیب حروف تہجی درج ہے اور اس میں اردو شاعری کا توافق دکھایا گیا ہے